

Member APNS
کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا روزنامہ
Daily Gwadar Business Quetta
روزنامہ
ABC Certified
کوئٹہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر: ریاض احمد
جلد 22 | جمعرات 10 ستمبر 2026ء | 27 ربیع اول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 63
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

بلوچستان: فورسز کی کارروائیاں، 11 دہشتگرد ہلاک

سکیورٹی فورسز نے کارروائیاں 6 اور 7 ستمبر کو فتنۃ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیں، سکیورٹی فورسز نے 2.9 ٹن دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا

بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، دہشت گرد اور ان کے سہولت کاروں کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے

دہشت گردوں کے نیٹ ورکس کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، صدرِ زرداری اور وزیراعظم کا خاران اور واشک میں دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان کے اضلاع خاران اور واشک میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کرتے ہوئے بھارتی سرپرست یافتہ 11 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے یہ (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے اضلاع خاران اور واشک میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگردوں کو (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

حکومت کشمیری بھائیوں کی ترقی اور خوشحالی کیلئے اقدامات جاری رکھے گی

شہباز شریف

شہباز شریف سے افتخار گیلانی کی ملاقات، وزیراعظم آزاد کشمیر کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد، نیک خواہشات کا اظہار، امن، ترقی اور خطے میں جاری فلاحی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال

زرعی شعبہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، وزیراعظم کی کسانوں کو بلارکاوٹ اور آسان شرائط پر مالی وسائل تک رسائی یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے آزاد جموں و کشمیر کے نومنتخب وزیراعظم سید افتخار علی گیلانی نے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے سید افتخار علی گیلانی کو وزیراعظم (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کسانوں کو بلا رکاوٹ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

ایران امریکا جنگ، کشیدگی میں کمی کے بجائے شدت مزید بڑھنے کا امکان

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صورتِ حال میں نمایاں فوجی کشیدگی دیکھنے میں آئی، عرب میڈیا

تہران (این این آئی) ایران اور امریکا کے درمیان جاری جنگ میں مزید شدت کے واضح اشارے ملنے لگے ہیں۔ عرب میڈیا پر شائع ایک تجزیاتی رپورٹ میں دعویٰ کیا (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

آمنہ بلوچ 17 ستمبر کو ریٹائر ہوں گی،

عاصم افتخار نئے سیکریٹری خارجہ مقرر

اسلام آباد (این این آئی) سیکریٹری خارجہ آمنہ بلوچ 17 ستمبر کو اپنے عہدے سے ریٹائر ہوں گی اور ان کی جگہ اقوام متحدہ میں (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی 27 ستمبر احتجاج کیس، اسلام آباد ہائیکورٹ نے لارجر بنچ تشکیل دیدیا، تحریری حکم نامہ جاری

چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کے ساتھ جسٹس اعظم خان اور جسٹس محمد آصف بھی شامل ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کے احتجاج اور لانگ مارچ سے متعلق درخواست پر سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا ہے جس کے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حکومت کی 7 لاکھ 50 ہزار میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے کی منظوری

سندھ کو 3 لاکھ، پنجاب کو 2 لاکھ 50 ہزار اور خیبر پختونخوا کو 2 لاکھ ٹن گندم فراہم کی جائے گی

ملک میں گندم کی سالانہ کھپت تقریباً 3 کروڑ 13 لاکھ ٹن ہے۔ اقتصادی سروے

کراچی (این این آئی) حکومت نے ملک میں گندم کی طلب پوری کرنے کے لیے 7 لاکھ 50 ہزار میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے کی باقاعدہ منظوری دے دی، جس کے بعد ٹریڈنگ (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

پاکستان سمیت 8 ممالک کا اسرائیلی بستیوں کیخلاف برطانوی پابندیوں کا خیر مقدم

غیر قانونی اسرائیلی بستیوں میں سرگرم تنظیموں اور افراد کا احتساب اور تجارت پر پابندیوں کے لیے عالمی برادری ٹھوس اقدامات کرے

اسرائیلی آبادکاری کی سرگرمیاں بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی ہیں، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان، ترکیہ، مصر، انڈونیشیا، اردن، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات نے مشترکہ بیان میں مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں غیر قانونی اسرائیلی بستیوں سے درآمدات پر برطانیہ کی پابندیوں کا خیر مقدم کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

گیس کمپنیوں میں مقامی افراد کو روزگار کی فراہمی فلاح و بہبود ترجیحات میں شامل ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

ڈیرہ بگٹی، سوئی اور پورے علاقے کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے لیے تاریخ ساز منصوبوں پر کام جاری ہے

بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے اس کی آپریشنل اور انتظامی صلاحیتوں میں مزید بہتری لائی جائے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بگٹی قبیلے کے عمائدین (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بدھ کو یہاں بلوچستان (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

صدر زرداری کی پاکستان روانگی مؤخر، نیا شیڈول (آج) جاری ہونے کا امکان

لندن (این این آئی) صدر آصف علی زرداری کی لندن سے پاکستان روانگی مؤخر کردی گئی، پروگرام کے مطابق انہوں نے بدھ کو پاکستان روانہ ہونا تھا۔ پیپلز پارٹی ذرائع (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے ناموں کی فہرست جیل حکام کے حوالے

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے (آج) جمعرات کو ملاقات کا دن ہے، 6 ناموں کی فہرست اویس یونس چوہدری ایڈووکیٹ نے جیل حکام کے حوالے کردی۔ ملاقات کی فہرست میں سجاد حسین (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

مہنگائی کے مارے عوام پر ایک اور بم گرادیا گیا، بجلی مزید مہنگی ہوگئی

بجلی صارفین پر 12 ارب 67 کروڑ روپے کا اضافی بوجھ پڑے گا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے مہنگائی کے مارے عوام پر بجلی بم گراتے ہوئے بجلی مزید مہنگی کردی ہے۔ وفاقی حکومت سے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم نے نئی آٹو پالیسی کی منظوری دیدی، آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کی جائے گی

آئی ایم ایف کی منظوری کے بعد آٹو پالیسی ای سی سی میں پیش کی جائے گی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے نئی آٹو پالیسی 31-2026 کی اصولی منظوری دیدی۔ ذرائع نے بتایا کہ نئی آٹو پالیسی اب آئی ایم ایف کے ساتھ شیئر کی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے پاکستان میں متعین نیوزی لینڈ کے ہائی کمشنر ملاقات کررہے ہیں

امریکا کا ایرانی ٹینکر پر حملہ، ایران نے امریکی فوجی اڈوں پر میزائلوں کی بارش کردی

امریکی افواج نے خام تیل لے جانے والے 5 ایرانی جہازوں کو تباہ کردیا (سینٹکام) ایران نے آبنائے ہرمز میں امریکی آبدوز قبضے میں لے لی

امریکی جہازوں پر حملے کی کوششوں پر ایران کو نشانہ بناتے رہیں گے (مارکو روبیو) جنگ لڑنے پر دنیا بھر میں امریکا کی ساکھ متاثر ہوئی، عباس عراقچی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ نے کہا ہے کہ 8 ستمبر کو امریکی افواج نے خام تیل لے جانے والے پانچ ایرانی جہازوں کو تباہ کردیا۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں امریکی سینٹرل کمانڈ نے کہا کہ کارروائی پاسداران کی جانب سے 2 روز کے دوران بیلسٹک میزائلوں کے ذریعے امریکی بحریہ کے ایک جنگی جہاز کو دوبار نشانہ بنانے کے بعد کی گئی۔ سینٹکام (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

حق دو کراچی کو
Haq Do Karachi Ko
جماعت اسلامی

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن ادارہ نورحق کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

ایف بی آر کا نیا نظام نافذ، منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے خلاف نگرانی سخت

کوئٹہ میں آرٹی او کوئٹہ کے دائرہ اختیار والے کیسز جبکہ خیبر پختونخوا میں پشاور اور ایبٹ آباد کے آر ٹی اوز کے تحت آنے والے کیسز کی نگرانی کی جائے گی

اسلام آباد میں ایل ٹی او اسلام آباد، آر ٹی او راولپنڈی اور گلگت بلتستان سے متعلق کیسز نگرانی کے دائرے میں ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے خلاف نگرانی مزید موثر بنانے کیلئے غیر مالیاتی کاروباری و پیشہ ورانہ اداروں کی نگرانی کا نظام سخت کرتے ہوئے افسران کے دائرہ اختیار میں بڑی تبدیلی کردی ہے۔ ایف بی آر نے اینٹی منی لانڈرنگ قانون کے تحت ڈی این ایف بی پیز ریگولیشنز 2020 میں اہم ترمیم کرتے ہوئے نان فنانشل بزنسز اینڈ (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

روسی اور امریکی صدور کا یوکرین تنازع پر ٹیلی فونک رابطہ

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوکرین تنازع کے خاتمے کی ضرورت پر زور دیا

مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق کرلیا، معاون روسی صدارتی محل

ماسکو (این این آئی) روسی صدر ولادیمیر پیوٹن اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان منگل کو ٹیلی فون پر گفتگو ہوئی جسے کریملن کے معاون یوری اوشاکوف نے تعمیری اور (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

پاکستان، مصر، سعودی عرب اور ترکیہ کا علاقائی امور پر مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق

اسحاق ڈار کا مصری وزیر خارجہ سے ٹیلی فون پر گفتگو، دونوں وزرائے خارجہ نے پاک مصر دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا

وزرائے خارجہ کا پاکستان، مصر، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان علاقائی معاملات پر قریبی مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان، مصر، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان علاقائی امور پر قریبی مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق ہوا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مصری وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے پاک مصر دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور دونوں ممالک کے درمیان قریبی و برادرانہ تعلقات کے عزم کا اعادہ کیا۔ دفتر (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

پنشن ادائیگی صرف ڈیجیٹل نظام کے ذریعے ہوگی، وزارت خزانہ نے نئے قواعد جاری کردیئے

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے پنشنرز کیلئے نئے قواعد کا نوٹیفکیشن جاری کردیا جس کے تحت اب پنشن کی ادائیگی صرف ڈیجیٹل پنشن نظام کے ذریعے ہوگی۔ وزارت (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ سندھ سے ملائیشیا کے نئے قونصل جنرل کی ملاقات

کراچی سے کوالالمپور براہِ راست پروازیں شروع کرنے کا فیصلہ

سندھ اور ملائیشیا کے معاشی و تجارتی روابط مزید مستحکم کرنے پر اتفاق

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ملائیشیا کے نئے قونصل جنرل محمد یونس ابراہیم نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ملائیشیا کے تعلقات، باہمی دلچسپی (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

Welcomes
Syed Yousaf Raza Gilani
Acting President of Pakistan
Chairman of the Senate of Pakistan
Islamabad Chamber of Commerce & Industry

اسلام آباد: قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی پاکستان ویمن لیڈرشپ اینڈ پالیسی سمٹ 2026 سے خطاب کررہے ہیں

26 نومبر احتجاج کیس، وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی سمیت دیگر کے وارنٹ برقرار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے وزیرِ اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، عبدالغنی آفریدی، جنید اکبر اور دیگر کے خلاف 26 نومبر (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

دھرنوں کے دوران حکومت نے رابطہ کیا، ہم نے معذرت کی، حافظ نعیم الرحمٰن

10 ستمبر کے مذاکرات کے نتائج دیکھ کر اسلام آباد مارچ کا فیصلہ کریں گے

پٹرولیم لیوی ختم کرنے کیلئے حکومت کو 6، 7 اہم تجاویز دی ہیں

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ دھرنوں کے دوران حکومت نے مذاکرات کے لیے رابطہ کیا تھا تاہم جماعت اسلامی (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی کی 27 ستمبر کو اسلام آباد احتجاج کی کال، ارکان اسمبلی کو فنڈز جمع کرنے کی ہدایت

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا دورہ پنجاب بھی احتجاج کی تیاریوں کے باعث ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے 27 ستمبر کو اسلام آباد میں احتجاج کی کال کے پیش نظر پارٹی کی سیاسی کمیٹی نے پنجاب کے عہدیداروں اور ارکان اسمبلی کو تیاریاں مکمل کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی نے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

غیر فعال سمز سے منسلک وٹس ایپ اکاؤنٹس بند کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے غیر فعال سمز سے منسلک وٹس ایپ اکاؤنٹس بند کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ہائیکورٹ کی الیکٹرک پبلک ٹرانسپورٹ اسکیم پر ایک ہفتے میں پیشرفت کی ہدایت

محکمہ ٹرانسپورٹ سے جواب موصول ہوتے ہی منصوبے کو آئندہ پی ڈی ڈبلیو پی اجلاس میں پیش کیا جائے، اے سی ایس ڈویلپمنٹ، محکمہ پی اینڈ ڈی کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائیکورٹ کے چیف جسٹس جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے کوئٹہ شہر میں پبلک ٹرانسپورٹ، الیکٹرک گاڑیوں، خواتین وکلاء کے لیے پنک اسکوٹیز، لوکل بس اسٹینڈ، خستہ حال بسوں اور شہریوں کو درپیش (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

پاکستان اہم موڑ پر کھڑا ہے، ماضی کی غلطیوں کو دہرانے کا متحمل نہیں ہو سکتا

احسن اقبال

پاکستان کو ایسا ترقیاتی نظام تشکیل دینے کی ضرورت ہے جس میں وفاق اور صوبوں کے درمیان موثر رابطہ اور مقامی اداروں کو بااختیار بنایا جائے

اختیارات کی منتقلی مسئلہ نہیں بلکہ اس پر عملدرآمد کا دائرہ صوبائی سطح پر رک گیا ہے، 2010 میں اٹھارہویں آئینی ترمیم کے ذریعے صوبوں کو اہم اختیارات منتقل کیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ گزشتہ 15 برس کے دوران اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کے ثمرات عوام تک نہیں پہنچ سکے، اس لیے موثر عوامی خدمات اور پائیدار ترقی کے لیے اختیارات اور وسائل (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

افغان طلبا کی ویزا توسیع کی درخواستوں پر کارروائی جاری ہے، دفتر خارجہ

غیر ملکیوں کا قیام درست ویزا اور پاسپورٹ کے بغیر غیر قانونی ہے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر نے افغان طلبا کی بیدخلی کے معاملے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغان طلبا کی ویزا توسیع کی درخواستوں پر (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

صوبوں کے حوالے سے جلد بازی سے کام نہیں لینا چاہیے، بیرسٹر گوہر

توقع ہے 27 ستمبر کے مارچ میں جے یو آئی اور جوائنٹ اپوزیشن شامل ہونگے

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کا مارچ پرامن ہوگا اور یہ صرف انصاف مارچ ہوگا، تمام اپوزیشن جماعتوں کو مارچ میں شرکت کی دعوت دی ہے اس میں نہ تو انتشار ہوگا اور نہ سرکاری وسائل استعمال ہوں گے۔ (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

سندھ میں ٹرانسپورٹ نظام کو جدید بنانے کیلئے اہم اقدامات کیے، شرجیل میمن

چھوٹی ویگنز اور وینز میں سی این جی، ایل پی جی کٹس پر پابندی، فٹنس سرٹیفکیٹ اور روٹ پرمٹ کا نظام ڈیجیٹل کردیا

حادثے کی صورت میں متاثرین کو معاوضے کیلئے تھرڈ پارٹی انشورنس شروع کی گئی

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ گزشتہ دو تین برس کے دوران صوبے میں (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے آزاد جموں و کشمیر کے وزیراعظم سید افتخار علی گیلانی ملاقات کررہے ہیں

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی
محفوظ اور منافع بخش سرمایہ کاری کا
سنہری موقع
کمرشل پلاٹوں کا شاندار نیلام عام
16-15 ستمبر 2026 10:00 بجے
اور اگرینڈی انکلیو مارگلہ روڈ E-11، اسلام آباد
ادائیگی 2 سال کی آسان اقساط میں
یکمشت ادائیگی پر 10 فیصد رعایت
G-13
کمرشل پلاٹس
- کلاس III
- ماڈ ایریا کارپوریٹ آفس پلاٹ
G-14
کمرشل پلاٹس
- G-14 مرکز
- G-14/2,3&4 کلاس III شاپنگ سنٹر
بہترین لوکیشن | مناسب قیمت | بہترین سہولیات
- میٹرو اور جی ٹی روڈ سے متصل
- موٹروے M-1 اور M-2 سے 8 منٹ کی مسافت
- نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے 12 منٹ کی مسافت
- پہلی 25% ادائیگی کے بعد بلڈنگ پلان کی منظوری کی سہولت
(051) 9106466
www.fgeha.gov.pk
بروشرز ایف جی ای ایچ اے کے ہیڈ آفس میں دستیاب ہیں
فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی
منسٹری آف ہاؤسنگ اینڈ ورکس، حکومت پاکستان
10 ماؤ ایریا، G-10/4 اسلام آباد
PID(i)2330-D/26

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ

Daily Gwadar Business

ABC Certified

روزنامہ

گوادر بزنس

ایڈیٹر ریاض احمد

بلوچستان میں تعلیمی اصلاحات

بلوچستان میں تعلیمی شعبے کی بہتری کے لیے حکومت کی جانب سے شروع کی گئی اصلاحات اب محض پالیسی اعلانات تک محدود نہیں رہیں بلکہ ان کے عملی نتائج بھی سامنے آ رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت تعلیمی نظام کی بحالی، غیر فعال اسکولوں کو فعال بنانے، اسکول سے باہر بچوں کو دوبارہ تعلیمی دھارے میں لانے، نئے تعلیمی اداروں کے قیام، کلاس رومز کی توسیع، اساتذہ کی کمی دور کرنے اور طلبہ کے لیے اعلیٰ تعلیم کے مواقع بڑھانے پر بیک وقت توجہ دی جا رہی ہے۔ ان اصلاحات کا بنیادی مقصد ایک ایسا تعلیمی نظام تشکیل دینا ہے جس میں بلوچستان کا کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے تعلیم کو اپنی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ تعلیم محض ایک شعبہ نہیں بلکہ مستقبل کی تعمیر کا بنیادی ذریعہ ہے۔ ان کے نزدیک خواندگی صرف پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیت کا نام نہیں بلکہ یہ بچوں کے روشن مستقبل، معاشرتی ترقی، معاشی خودمختاری اور ایک مضبوط و خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت کی تعلیمی پالیسی کا دائرہ اسکولوں کی بحالی سے لے کر اعلیٰ تعلیم اور وظائف تک وسیع کیا گیا ہے۔ گزشتہ دو برسوں کے دوران حکومت بلوچستان کی جانب سے 3,800 سے زائد غیر فعال اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا ہے۔ یہ اقدام اس اعتبار سے اہم ہے کہ پہلے سے موجود تعلیمی ڈھانچے کو فعال بنا کر بڑی تعداد میں بچوں کو دوبارہ کلاس رومز تک لایا جا سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ 7

تحریر۔شیخ عبدالرزاق

لاکھ 68 ہزار سے زائد اسکول سے باہر بچوں کو دوبارہ تعلیمی نظام کا حصہ بنایا گیا ہے۔ یہ تعداد تعلیمی اصلاحات کے اس پہلو کو نمایاں کرتی ہے جس میں رسائی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ تعلیمی اداروں کی تعداد اور گنجائش میں اضافے کے لیے بھی بڑے پیمانے پر اقدامات کیے گئے ہیں۔ بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے تحت 2,000 سے زائد نئے اسکول قائم کیے گئے ہیں، جبکہ مزید 1,800 اسکولوں کے قیام کے منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔ اسی طرح 3,000 موجودہ اسکولوں میں اضافی کلاس رومز تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ اس توسیع کا مقصد نہ صرف زیادہ سے زیادہ بچوں کو تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ہے بلکہ موجودہ اداروں پر طلبہ کے بڑھتے ہوئے بوجھ کو بھی کم کرنا ہے۔ تعلیمی اصلاحات کا ایک اہم پہلو انسانی وسائل کی فراہمی ہے۔ اسکول کی عمارت، کلاس روم اور دیگر سہولیات اپنی جگہ اہم ہیں، تاہم معیاری تعلیم کا حقیقی مرکز استاد ہے۔ حکومت بلوچستان نے گزشتہ دو برسوں میں 15 ہزار سے زائد اساتذہ کو میرٹ اور شفاف طریقہ کار کے تحت بھرتی کیا ہے۔ اس اقدام سے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی دستیابی بہتر بنانے اور اسکولوں کی استعدادِ کار میں اضافے کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ ان اصلاحات کے مؤثر نفاذ اور حکومتی ترجیحات کو انتظامی سطح پر عملی شکل دینے میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی کاوشیں بھی اہم ہیں۔ صوبائی انتظامیہ کی سطح پر تعلیمی منصوبوں کی پیش رفت، متعلقہ محکموں کے درمیان رابطہ کاری اور حکومتی فیصلوں پر عملدرآمد کو مؤثر بنانے کے لیے انتظامی نگرانی اصلاحات کے تسلسل میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ وزیراعلیٰ کے وژن کو عملی پروگراموں اور زمینی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے سیاسی عزم کے ساتھ مضبوط انتظامی عملدرآمد ناگزیر ہے۔ حکومت کی توجہ صرف اسکول کی سطح تک محدود نہیں۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے تحت گزشتہ دو برسوں میں مختلف اسکالرشپ اسکیموں کے ذریعے مجموعی طور پر 23,520 وظائف فراہم کیے گئے ہیں۔ ان وظائف کے ذریعے مختلف تعلیمی مراحل سے تعلق رکھنے والے طلبہ کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے گئے ہیں۔ نویں سے دسویں جماعت تک 1,500 وظائف جبکہ شہید بینظیر اسکالرشپ برائے میٹرک ضلعی پوزیشن ہولڈرز کے تحت 969 وظائف دیے گئے۔ انٹرمیڈیٹ پارٹ اوّل کے لیے 1,650، ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام کے لیے 2,431 اور ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ کے لیے 552 وظائف فراہم کیے گئے۔ بلوچستان سے باہر بی ایس کی تعلیم کے لیے 4,682 جزوی وظائف جبکہ کیڈٹ ایکسیلنس اسکالرشپ پروگرام کے تحت 150 وظائف دیے گئے۔ کالجز اور یونیورسٹیوں میں بی ایس کے لیے 9,451 جزوی وظائف فراہم کیے گئے، جبکہ سول شہداء کے بچوں کے لیے 590 مکمل وظائف مختص کیے گئے۔ تعلیمی مواقع کو مختلف طبقات تک پہنچانے کے لیے ٹرانس جینڈر طلبہ کے لیے 60 وظائف، پنجاب ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے تحت 898 وظائف اور صادق پبلک اسکول کے لیے 300 وظائف بھی فراہم کیے گئے۔ ہیکن نیشنل یونیورسٹی اسکالرشپ پروگرام کے تحت 30 وظائف، سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی کے شعبوں میں بیرونِ ملک پی ایچ ڈی کے لیے 6 وظائف، آکسفورڈ پاکستان پروگرام کے تحت ایک اور پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ اسکالرشپ کے تحت 64 وظائف فراہم کیے گئے۔ اسی طرح وکلاء فنڈ پروگرام کے تحت ایل ایل ایم کے لیے 16 وظائف جبکہ شہید پولیس اہلکاروں کے بچوں کے لیے 161 وظائف فراہم کیے گئے۔ یہ اعداد و شمار اس امر کی عکاسی کرتے ہیں کہ حکومت کی تعلیمی پالیسی اسکولوں تک رسائی کے ساتھ ساتھ اعلیٰ تعلیم کے دروازے کھولنے پر بھی مرکوز ہے۔ بلوچستان میں تعلیمی اصلاحات کا یہ عمل ایک وسیع تر وژن کی عکاسی کرتا ہے جس میں اسکولوں کی بحالی، نئے اداروں کا قیام، انفراسٹرکچر کی توسیع، اساتذہ کی بھرتی، اسکول سے باہر بچوں کی واپسی اور اعلیٰ تعلیم کے لیے وظائف کو ایک مربوط حکمت عملی کا حصہ بنایا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا واضح عزم ہے کہ بلوچستان کا کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے اور صوبے کی

نوجوان نسل کو معیاری تعلیم کے ذریعے بااختیار بنایا جائے۔ اس وژن کی کامیابی کے لیے اصلاحات کا تسلسل، مؤثر انتظامی نگرانی اور نتائج پر مبنی عملدرآمد بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ ایک تعلیم یافتہ بلوچستان ہی ایسا بلوچستان بن سکتا ہے جو معاشی طور پر مضبوط، سماجی طور پر مستحکم اور مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ آج کے تعلیمی اقدامات دراصل آنے والی نسلوں کے مستقبل کی تعمیر ہیں، اور یہی وہ سوچ ہے جسے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے تعلیمی وژن کا بنیادی ستون قرار دیا جا سکتا ہے۔

کھلے خشک دودھ کی فروخت پر پابندی، ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں

بچے قوم کا مستقبل ہوتے ہیں، لیکن اس مستقبل کی بنیاد صحت مند جسم اور بہتر نشوونما پر قائم ہوتی ہے۔ ایک شیر خوار بچے کے لیے خوراک کا انتخاب محض گھر کی ایک معمولی ضرورت نہیں بلکہ اس کی صحت، نشوونما اور زندگی کے تحفظ سے جڑا ہوا معاملہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بچوں کو دی جانے والی ہر غذائی چیز کے معیار اور حفاظت پر خصوصی توجہ دینا ضروری ہے۔ دودھ بچوں کی خوراک میں ایک اہم حیثیت رکھتا ہے، لیکن دودھ اسی وقت فائدہ مند ہو سکتا ہے جب وہ معیاری، محفوظ اور صحت کے اصولوں کے مطابق تیار اور محفوظ کیا گیا ہو۔ اگر اس کے معیار، اصل، اجزا یا محفوظ رکھنے کے طریقہ کار کے بارے میں ہی یقین نہ ہو تو والدین کے لیے یہ فیصلہ کرنا مشکل ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے بچے کو کیا دے رہے ہیں۔ بلوچستان، خصوصاً کوئٹہ میں ایک عرصے سے بچوں کے لیے خشک دودھ کھلے وزن کے حساب سے فروخت کیے جانے کا معاملہ سامنے آتا رہا ہے۔ بعض دکانوں اور میڈیکل اسٹورز پر ایسا پاؤڈر کھلے ڈبوں، تھیلوں یا برتنوں میں موجود ہوتا ہے، جبکہ بعض اوقات مقامی ناموں، غیر واضح برانڈنگ یا بچوں کی تصاویر والے پیکٹس میں بھی فروخت کیا جاتا ہے۔ ایسی صورتحال میں سب سے اہم سوال یہی پیدا ہوتا ہے کہ کیا والدین کو معلوم ہے کہ وہ اپنے بچے کو جو دودھ دے رہے ہیں، وہ کہاں تیار ہوا، کب تیار ہوا، اس کی میعاد کیا ہے اور اسے کس ماحول میں محفوظ رکھا گیا؟ خشک دودھ کیا ہے اور کیا یہ فائدہ مند ہے؟ خشک دودھ بنیادی طور پر دودھ کو صنعتی طریقے سے اس میں موجود پانی سے پاک کر کے پاؤڈر کی شکل میں تیار کیا جاتا ہے۔ اگر یہ کسی باقاعدہ، رجسٹرڈ اور معیاری کمپنی کی تیار کردہ مصنوعات ہو، مناسب طریقے سے تیار اور محفوظ کی گئی ہو اور مکمل لیبلنگ کے ساتھ بند پیکٹ میں فروخت کی جائے تو اسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بچوں کے لیے مخصوص فارمولا دودھ میں بچے کی ضروریات کے مطابق پروٹین، چکنائی، کاربوہائیڈریٹس، وٹامنز اور معدنیات شامل کیے جاتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے ماں کا دودھ دستیاب نہ ہو یا طبی مشورے کے مطابق فارمولا دودھ ضروری ہو تو معیاری فارمولا دودھ ایک قابلِ استعمال متبادل ہو سکتا ہے۔ یہاں ایک بنیادی فرق سمجھنا انتہائی ضروری ہے: مسئلہ خشک دودھ کا نہیں، بلکہ غیر معیاری، غیر رجسٹرڈ، نامعلوم اور کھلے طریقے سے فروخت ہونے والے دودھ کا

تحریر: ہمایوں ارشد

ہے۔ معیاری کمپنی کا اصل، بند پیکٹ میں دستیاب اور رجسٹرڈ فارمولا دودھ ایک الگ معاملہ ہے، کیونکہ اسے مخصوص معیار اور ضوابط کے تحت تیار کیا جاتا ہے۔ اس لیے کھلے اور نامعلوم پاؤڈر کو کسی معروف کمپنی کے معیاری فارمولا دودھ کا متبادل سمجھنا درست نہیں۔ کھلے دودھ کا سب سے بڑا مسئلہ کیا ہے؟ کھلے خشک دودھ کے استعمال میں سب سے بڑا مسئلہ اس کی قابلِ اعتماد شناخت اور حفاظت ہے۔ جب دودھ کھلے وزن کے حساب سے فروخت کیا جائے تو عام صارف کے لیے یہ معلوم کرنا مشکل ہو جاتا ہے کہ اس کی اصل کیا ہے، اسے کب تیار کیا گیا، اس کی میعاد کب ختم ہوگی اور اسے کن حالات میں ذخیرہ کیا گیا۔ کھلے برتنوں، ڈبوں یا تھیلوں میں رکھا ہوا پاؤڈر نمی، گرد و غبار، حشرات اور جراثیمی آلودگی کا شکار ہو سکتا ہے۔ اگر کسی مرحلے پر اس میں ملاوٹ ہو جائے تو والدین کے لیے محض دیکھنے یا چکھنے سے اس کی شناخت کرنا بھی آسان نہیں ہوتا۔ یہ معاملہ اس لیے مزید حساس ہے کہ نومولود اور کم عمر بچوں کا مدافعتی نظام ابھی مکمل طور پر مضبوط نہیں ہوتا۔ پاؤڈر کی شکل میں موجود شیر خوار بچوں کے فارمولا دودھ کی تیاری، صفائی، ذخیرہ اور استعمال میں معمولی سی غفلت بھی صحت کے مسائل کا باعث بن سکتی ہے۔ لہٰذا بچوں کے لیے دودھ کا انتخاب صرف قیمت یا ذائقے کو دیکھ کر نہیں بلکہ معیار، حفاظت، اصل اور مناسب تیاری کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جانا چاہیے۔ ضلعی انتظامیہ نے اس مسئلے کے پیشِ نظر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے کھلے غیر رجسٹرڈ خشک دودھ کی فروخت پر پابندی عائد کر دی اس تناظر میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں فوڈ اتھارٹی، محکمہ صحت، ڈرگ انسپکٹرز اور ضلعی انتظامیہ کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں دکانداروں اور میڈیکل اسٹورز کو کھلا غیر رجسٹرڈ خشک دودھ فروخت نہ کرنے کی ہدایت کی گئی، جبکہ خلاف ورزی کی صورت میں

قانونی کارروائی، گرفتاری اور دکان سیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ انتظامیہ کی جانب سے اس سلسلے میں عملی کارروائیاں بھی کی گئیں، جن کے دوران مختلف علاقوں میں متعدد دکانیں سیل کرنے کے ساتھ ساتھ غیر معیاری خشک دودھ فروخت کرنے والے بعض افراد کو گرفتار بھی کیا گیا۔ یہ اقدام یقیناً قابلِ تحسین ہے، کیونکہ بچوں کی صحت سے متعلق کسی بھی ایسے کاروبار کی حوصلہ شکنی ضروری ہے جس میں معیار، رجسٹریشن اور مصنوعات کی اصل کے بارے میں شکوک و شبہات موجود ہوں۔ صرف پاؤڈر نہیں، تیاری کا طریقہ بھی اہم خشک یا فارمولا دودھ استعمال کرتے وقت خطرہ صرف پاؤڈر کے معیار تک محدود نہیں رہتا۔ اسے تیار کرنے کا طریقہ بھی انتہائی اہم ہے۔ اگر فارمولا دودھ غلط مقدار میں تیار کیا جائے، غیر محفوظ پانی استعمال کیا جائے یا بوتل اور برتن مناسب طریقے سے صاف نہ ہوں تو بچے کی صحت متاثر ہو سکتی ہے۔ اسی لیے فارمولا دودھ تیار کرتے وقت پیکٹ پر درج ہدایات پر عمل کرنا، صاف پانی استعمال کرنا اور بوتل و دیگر برتنوں کی صفائی کا خاص خیال رکھنا ضروری ہے۔ جہاں ماں کا دودھ دستیاب ہو، وہاں اسے ترجیح دینا بھی بچے کی صحت کے لیے زیادہ موزوں ہے۔ والدین کو چاہیے کہ بچوں کے لیے دودھ خریدتے وقت چند بنیادی باتوں کا خاص خیال رکھیں دودھ ہمیشہ اصل اور بند پیکٹ میں خریدیں، ایکسپائری یا میعادِ استعمال ضرور چیک کریں، بیچ نمبر اور اجزا کی تفصیل دیکھیں، پیکٹ کی سیل اور حالت کا جائزہ لیں، کھلے اور نامعلوم پاؤڈر سے حتی الامکان گریز کریں۔ فارمولا دودھ ہمیشہ پیکٹ پر درج ہدایات کے مطابق تیار کریں، صاف پانی اور صاف بوتل یا برتن استعمال کریں۔ کیا ہر خشک دودھ پر پابندی ہے؟ یہ وضاحت عوام کے لیے انتہائی ضروری ہے کہ حالیہ کارروائی کا مقصد ہر قسم کے خشک دودھ پر پابندی لگانا نہیں ہے۔ کارروائی کا بنیادی ہدف کھلے، غیر رجسٹرڈ، غیر واضح اور غیر برانڈڈ خشک دودھ کی فروخت کو روکنا ہے۔ لہٰذا معیاری کمپنیوں کے اصل، رجسٹرڈ اور بند پیکٹ میں دستیاب فارمولا دودھ کو کھلے اور نامعلوم پاؤڈر کے برابر سمجھنا درست نہیں۔ یہ فرق عوام خصوصاً والدین کے لیے سمجھنا ضروری ہے تاکہ ایک طرف وہ غیر محفوظ مصنوعات سے اپنے بچوں کو محفوظ رکھ سکیں اور دوسری طرف معیاری اور ضابطے کے مطابق دستیاب مصنوعات کے بارے میں غیر ضروری غلط فہمی کا شکار نہ ہوں۔ پابندی کے بعد اگلا مرحلہ کوئٹہ میں کھلے غیر رجسٹرڈ خشک دودھ کے خلاف پابندی ایک مثبت قدم ہے، لیکن اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب اس اقدام کو مستقل نگرانی اور مؤثر عمل درآمد کے ساتھ جاری رکھا جائے۔ متعلقہ اداروں کو چاہیے کہ بازاروں میں باقاعدگی سے معائنہ کریں، مشتبہ مصنوعات کے نمونے حاصل کر کے لیبارٹری ٹیسٹنگ کرائیں، غیر معیاری مصنوعات کی فروخت میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کریں اور عوام میں بھی آگاہی پیدا کریں۔ کیونکہ صرف ایک مرتبہ کارروائی کرنے سے مسئلہ ختم نہیں ہوگا۔ اگر نگرانی کمزور پڑ گئی تو ممکن ہے کہ یہی مصنوعات کسی دوسرے نام، نئے پیکٹ یا مختلف طریقے سے دوبارہ بازار میں آ جائیں۔ بچوں کی صحت پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے بچے اپنی خوراک کے معیار کا فیصلہ خود نہیں کر سکتے۔ وہ اپنے والدین، دکانداروں، طبی ماہرین اور متعلقہ سرکاری اداروں کے فیصلوں پر منحصر ہوتے ہیں۔ اس لیے ان کی صحت کے معاملے میں ہر فریق کو اپنی ذمہ داری پوری کرنا ہوگی۔ والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو دی جانے والی خوراک کے معیار اور اصل کے بارے میں محتاط رہیں۔ دکانداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ صرف معیاری اور قانونی طور پر قابلِ فروخت مصنوعات فراہم کریں، جبکہ متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ قوانین پر سختی سے عمل درآمد کرائیں۔ کوئٹہ میں کھلے غیر رجسٹرڈ خشک دودھ کے خلاف حالیہ پابندی اسی لیے ایک خوش آئند قدم ہے۔ تاہم اس اقدام کو مستقل نگرانی، شفاف لیبارٹری ٹیسٹنگ اور عوامی آگاہی کے ساتھ آگے بڑھانا ہوگا۔ آخرکار معاملہ صرف دودھ کے ایک پیکٹ کا نہیں، ہمارے بچوں کی صحت اور مستقبل کا ہے۔ اور بچوں کے مستقبل کے معاملے میں کسی قسم کی غفلت، ملاوٹ یا سمجھوتے کی گنجائش نہیں ہونی چاہیے۔

اسلام آباد کا نیا انتظامی ڈھانچہ۔ سفارشات وزیراعظم کو پیش

اسلام آباد کے لیے نئے انتظامی ڈھانچے کی تشکیل سے متعلق سفارشات وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کر دی گئی ہیں۔ اس کا ڈرافٹ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی سربراہی میں قائم اعلیٰ سطحی کمیٹی نے تیار کیا ہے جس میں منتخب چیف ایگزیکٹو اور 27 رکنی اسمبلی کی تشکیل کی تجاویز شامل ہیں۔ اس مجوزہ ڈرافٹ کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری اسمبلی کو صوبائی طرز کی انتظامی اور مالی خودمختاری حاصل ہوگی۔ ڈرافٹ میں اسمبلی میں 21 ارکان براہ راست عوام کے ووٹ سے منتخب کرنے، خواتین کے لئے پانچ مخصوص نشستیں اور اقلیتوں کے لئے ایک نشست مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ اسی طرح چیف ایگزیکٹو کے لئے وزیراعلیٰ یا میئر کا عہدہ رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ڈرافٹ میں قومی اسمبلی کے ہر حلقے سے اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری اسمبلی کی سات نشستیں قائم کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ ڈرافٹ کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری اسمبلی کے انتخابات الیکشن کمیشن آف پاکستان کے تحت ہوں گے۔ اس ڈرافٹ سے بادی النظر میں تو یہی محسوس ہوتا ہے کہ کیپیٹل ٹیریٹری اسمبلی کو صوبائی طرز کی انتظامی اور مالی خودمختاری دینے کی تجویز محض انتظامی اصلاحات تک محدود نہیں ہے بلکہ اس کے دوررس آئینی اور سیاسی مضمرات بھی سامنے آئیں گے۔ یہ امر اپنی جگہ قابل غور ہے کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو موثر، جوابدہ اور عوامی نمائندگی پر مبنی انتظامی نظام فراہم کرنا وقت کی ضرورت ہو سکتی ہے مگر اس مقصد کے لیے اختیار کیا جانے والا راستہ آئین کے متعین کردہ دائرے کے اندر ہی ہونا چاہیے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے نئے انتظامی یونٹس اور صوبوں کی تشکیل کی تجویز کچھ عرصہ قبل ایک اقتصادی فورم میں کی گئی ان کی تقریر کے ذریعے سامنے آئی تھی جس کا گزشتہ روز انہوں نے لاہور کے ایک تعلیمی ادارے کے زیراہتمام منعقدہ ایک قومی مذاکرے میں شد و مد کے ساتھ اعادہ کیا اور یہ دعویٰ بھی کیا کہ نئے صوبے قائم ہو کر رہیں گے۔ اس تناظر میں اسلام آباد کے مجوزہ نئے انتظامی ڈھانچے سے بادی النظر میں یہی تاثر پیدا ہوتا ہے کہ سید محسن نقوی کے پیش کردہ تصور کو عملی جامہ پہنانے کا آغاز اسلام آباد سے کیا جا رہا ہے۔ یہاں بنیادی سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا کسی وفاقی علاقے میں صوبائی طرز کی منتخب اسمبلی اور منتخب چیف ایگزیکٹو قائم کرنا محض انتظامی بندوبست ہے یا اس سے اسلام آباد کی آئینی حیثیت عملاً تبدیل ہو جائے گی؟ اگر کیپیٹل ٹیریٹری اسمبلی کو صوبائی اسمبلی کے مانند وسیع قانون سازی، انتظامی اور مالی اختیارات حاصل ہوں اور اس کے نتیجے میں منتخب چیف ایگزیکٹو صوبائی وزیراعلیٰ کے طرز پر اختیارات استعمال کرے تو یہ معاملہ محض انتظامی اصلاحات کا نہیں ہوگا بلکہ ایک نئے صوبائی ڈھانچے کی تشکیل کے مترادف ہوگا۔ آئین پاکستان کے آرٹیکل 1(2) میں پاکستان کے علاقوں کا تعین کیا گیا ہے اور اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری کو وفاقی علاقہ قرار دیا گیا ہے۔ اسلام آباد کسی موجودہ صوبے کی حدود میں شامل نہیں، اس لیے اسے صوبے کا درجہ دینے کی صورت میں آرٹیکل 1(2) میں ضروری ترمیم کر کے اسلام آباد کو ایک الگ صوبے کی حیثیت دینا ہوگی۔ اس کے بعد صوبائی نظام سے متعلق دیگر آئینی دفعات، بالخصوص قومی و صوبائی نمائندگی، سینیٹ میں حصہ، صوبائی اسمبلی، انتظامی اختیارات اور مالی معاملات سے متعلق آئینی شقوں میں بھی مناسب ترامیم ناگزیر ہوں گی۔ بے شک آئین پاکستان نے نئے صوبوں کی تشکیل کا راستہ بند نہیں کیا چنانچہ وفاقی نظام کی ضروریات، انتظامی سہولت اور عوامی خواہشات کے پیش نظر ملک میں نئے صوبے قائم کرنے کی تجویز پر اصولی طور پر کوئی اعتراض نہیں کیا جا سکتا بشرطیکہ یہ عمل آئین میں مقررہ طریقہ کار کے مطابق ہو۔

بقیہ 1

طلبہ و طالبات کو سفری سہولت فراہم کرے گی۔ شٹل سروس کے آغاز سے بلیدہ اور گرد و نواح کے طلبہ و طالبات کے لیے یونیورسٹی آف تربت تک رسائی مزید آسان ہو گئی ہے، جس سے انہیں روزانہ آمد و رفت کے مسائل اور اضافی سفری اخراجات سے بھی بڑی حد تک نجات ملے گی۔ اس اقدام سے علاقے کے نوجوانوں کے لیے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے مواقع مزید وسیع ہونے کی توقع ہے۔ صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ طلبہ و طالبات کو سفری اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کوئی احسان نہیں بلکہ عوامی نمائندے کی ذمہ داری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ محدود اور دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے کوشش کی جا رہی ہے کہ بلیدہ سمیت پورے علاقے کے عوام کو جدید اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ تعلیم کے معیار اور نوجوانوں کے مستقبل پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ ان کے مطابق نوجوان کسی بھی معاشرے کا سب سے قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں معیاری تعلیم، بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات کی فراہمی علاقے کی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے تعلیم کے شعبے میں مزید سہولیات اور مواقع پیدا کرنے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ بلیدہ کے طلبہ و طالبات کو یونیورسٹی آف تربت تک باقاعدہ شٹل سروس کی سہولت فراہم کرنا اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس کا مقصد نوجوانوں کو درپیش سفری مشکلات کم کر کے انہیں اپنی تعلیم پر بھرپور توجہ دینے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 2

میں اسپیشل مجسٹریٹ اعجاز حسین کھوسہ نے شہر کے مختلف علاقوں میں تندوروں کا معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران نان کی قیمت اور وزن چیک کیا گیا، جبکہ مقررہ سرکاری نرخ سے زائد قیمت وصول کرنے اور وزن میں کمی کرنے والے نان بائیوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور عوام کو مقررہ نرخ و وزن کے مطابق نان کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ یہ کارروائی کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اشیائے خورونوش کے سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کے لیے جاری مہم کا حصہ ہے۔ آئندہ دنوں میں اس حوالے سے مزید سختی برتی جائے گی۔

بقیہ 3

سے نوجوان موقع پر ہی جانبحق لاش ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی میں چھوڑ کر پولیس رفو چکر ورثاء ہسپتال پہنچ گئے پولیس اور ڈاکٹرز کے خلاف احتجاج محرر کے خلاف قتل کا مقدمہ درج گرفتار کر لیا گیا بلوچستان حکومت کا بھی واقعے کا سخت نوٹس ڈی آئی جی پولیس اور ایس ایس پی نصیر آباد سے رپورٹ طلب پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے میں قید حوالات میں بند نوجوان مختیار احمد ولد عبدالرحیم بزدار کو مبینہ طور پر تھانے کے سب محرر نے گزشتہ شب سرکاری اسلحے سے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور واقعے کو اسلحہ صفائی کرنے کے دوران گولیاں چلنے جانے کا اتفاقیہ قرار دیا گیا جبکہ نوجوان کی لاش ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی میں چھوڑ کر پولیس رفو چکر ہوگئی ساری رات نوجوان کی لاش پڑی رہی صبح ورثاء کو سوشل میڈیا میں پوسٹ وائرل ہونے پر اطلاع ملی ورثاء ہسپتال پہنچ گئے اور واقعے کے خلاف شدید احتجاج کیا گیا پولیس اور ڈاکٹرز کے خلاف سخت احتجاج ریکارڈ کروایا گیا واقعہ کا حکومت بلوچستان صوبائی وزیر داخلہ ضیاء لانگو نے سخت نوٹس لیا معاون داخلہ بابر یوسفزئی کے مطابق واقعے کی ڈی آئی جی پولیس اور ایس ایس پی نصیر آباد سے رپورٹ طلب کر لی

بقیہ 4

شاہ، نصر اللہ رند اور دیگر رہنماؤں نے کی۔ احتجاج کے دوران مظاہرین نے واپڈا عملے کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ اس موقع پر رہنماؤں نے پریس کلب کے سامنے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دو سال سے دودا پور فیڈر کے 200 سے زائد دیہات بجلی سے محروم ہیں، جبکہ دیہات کی طرف جانے والی بجلی لائنز کی تمام تاریں چور چرا کر لے گئے ہیں لیکن واپڈا انتظامیہ کو بار بار شکایات کرنے کے باوجود کوئی تدارک نہیں کیا جا رہا۔ رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ واپڈا عملہ رات کے وقت جان بوجھ کر بجلی بند کرتا ہے اور چوروں کے ساتھ ملی بھگت کر کے کھمبوں سے تاریں چوری کرواتا ہے، جس کی وجہ سے علاقے میں اندھیرا چھایا ہوا ہے اور عوام سخت عذاب میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر نوٹس لیا جائے اور دودا پور فیڈر کے تمام دیہات کی بجلی بحال کر کے چوروں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے

بقیہ 5

وفود کے مسائل توجہ سے سنے اور متعلقہ حکام سے رابطے کے ذریعے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کی یقین دہانی کرائی اس موقع پر حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل اور لوگوں کو ریلیف کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ عوامی نمائندوں کے دروازے عوام کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں اور لوگوں کے جائز مسائل کے حل کے لیے بھرپور کوششیں جاری رہیں گی۔

بقیہ 6

۔اس سلسلے میں شیخ زید سول اسپتال بسیمہ میں ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر واشک اسرار احمد کہدانی نے پریس بریفنگ دی اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ شیخ زید سول ہسپتال بسیمہ ڈاکٹر نور اللہ عیسی زئی، سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر عبدالصمد محمد حسنی و دیگر موجود تھے۔ پریس بریفنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ ماں کے دودھ کی اہمیت اور بچوں کی صحت مند نشوونما میں اس کے کردار کے حوالے سے عوام میں شعور اجاگر کرنے کے لیے اہم آرا کا اظہار کیا اور آگاہی پیغام دیا۔ ماں کا دودھ نومولود بچے کے لیے قدرتی، محفوظ اور مکمل غذا ہے، جو بچے کو ابتدائی عمر میں ضروری غذائیت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف بیماریوں سے بچاؤ میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیدائش کے فوراً بعد ماں کا دودھ پلانا اور ابتدائی چھ ماہ تک صرف ماں کا دودھ پلانا بچے کی بہتر صحت، جسمانی نشوونما اور مضبوط مدافعتی نظام (Immunity) کے لیے انتہائی اہم ہے۔ چھ ماہ کے بعد بچے کو ماں کے دودھ کے ساتھ مناسب اور متوازن اضافی غذا بھی دی جانی چاہیے۔ ایسے آگاہی پروگرامز کا بنیادی مقصد ماؤں، والدین اور معاشرے کو ماں کے دودھ کے فوائد سے آگاہ کرنا، نومولود بچوں میں غذائی کمی اور بیماریوں کے خطرات کو کم کرنا اور بچوں کو صحت مند مستقبل فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے تاکید کی کہ عوام میں درست معلومات پہنچا کر ماؤں کو بچوں کو اپنا دودھ پلانے کی ترغیب دینا بھی ان پروگرامز کا اہم مقصد ہے

بقیہ 7

دوران گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کشمیر ہابھی، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کشمیر ابڑو، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول بستی نالہ اور گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول سومر محلہ تیغو کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے اسکولوں میں اساتذہ اور طلباء کی حاضری چیک کی جبکہ تدریسی عمل اور تعلیمی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر طلباء سے سلیبس کے مطابق مختلف سوالات پوچھے گئے اور ان کی تعلیمی استعداد کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لیاقت علی نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں قائم اسکولوں میں تعلیمی معیار، اساتذہ و طلباء کی حاضری اور تدریسی سرگرمیوں کی باقاعدگی کو یقینی بنانے کے لیے مسلسل نگرانی جاری ہے۔ الحمدللہ تحصیل لہڑی کے پرائمری اسکولز روز بروز بہتری کی جانب گامزن ہیں

بقیہ 8

ہوئے کہا ہے کہ ضلع کچھی میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہو چکی ہے۔ اب صورتحال یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ عوام کے ساتھ ساتھ صحت مراکز میں خدمات انجام دینے والا عملہ بھی محفوظ نہیں بی ایچ یو چندر کا واقعہ محض ایک ڈکیتی نہیں بلکہ ضلعی انتظامیہ اور منتخب نمائندوں کے لیے ایک سنجیدہ سوال ہے کہ آخر عوام اور سرکاری ملازمین کب تک عدم تحفظ کا شکار رہیں گے؟ جو لوگ عوام کے تحفظ، ترقی اور خدمت کے بڑے بڑے دعوے کرتے رہے، انہیں آج اپنی کارکردگی کا جواب دینا ہوگا انہوں نے کہا کہ ایم پی اے کچھی کی جانب سے عوام کے سامنے کیے گئے متعدد دعوے اور وعدے آج سوالیہ نشان بن چکے ہیں۔ بھاگ شہر کو پیرس بنانے کا دعویٰ کیا گیا تھا، مگر عوام آج بھی بنیادی سہولیات اور شہری مسائل کے حل کے منتظر ہیں۔ اگر "پیرس" بنانے کا وعدہ صرف سیاسی نعرہ نہیں تھا تو اس کے عملی نتائج کہاں ہیں؟ عوام کو بتایا جائے کہ اس وعدے کے تحت کون سے منصوبے مکمل ہوئے اور شہریوں کو ان سے کیا فائدہ پہنچا؟ میر غفار خان جتوئی نے کہا کہ ڈھاڈر پریس کلب کو نئی عمارت دینے کا وعدہ بھی کیا گیا تھا، مگر آج تک یہ وعدہ پورا نہیں ہوسکا۔ صحافیوں سے وعدہ کر کے اسے مسلسل نظر انداز کرنا اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ عوامی اور صحافتی مسائل کو ترجیحات میں وہ مقام نہیں دیا جا رہا جس کا دعویٰ کیا جاتا ہے انہوں نے سخت الفاظ میں کہا کہ عوام اب جھوٹے دعووں، بلند بانگ اعلانات اور سیاسی وعدوں سے مطمئن ہونے والے نہیں۔ سیاست میں وعدہ دراصل عوام کے سامنے ایک ذمہ داری اور عہد ہوتا ہے، اور جب وعدے مسلسل پورے نہ ہوں تو عوام کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے منتخب نمائندے سے کارکردگی کا حساب مانگیں انہوں نے کہا کہ اگر بھاگ کو پیرس بنانے کا وعدہ کیا گیا تھا تو اس کا روڈ میپ، منصوبے اور عملی پیش رفت سامنے لائی جائے، اور اگر ڈھاڈر پریس کلب کی نئی عمارت دینے کا اعلان کیا گیا تھا تو اس منصوبے کی موجودہ صورتحال عوام اور صحافتی برادری کو بتائی جائے۔ محض افتتاحی دعوے اور سیاسی بیانات ترقی کا متبادل نہیں ہو سکتے ضلع کچھی میں امن و امان کی خراب صورتحال اور ترقیاتی وعدوں کی عدم تکمیل ایک دوسرے سے الگ مسائل نہیں۔ عوام کو محفوظ ماحول، بہتر صحت، معیاری تعلیم، بنیادی سہولیات اور مضبوط انفراسٹرکچر درکار ہے۔

بقیہ 9

ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ خاران میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک بلاک کر کے مقامی ٹریفک میں خلل ڈالنے کی کوشش کو بروقت ناکام بنانا سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور مستعدی کا ثبوت ہے۔ انہوں نے واشک میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کامیاب کارروائی اور دہشت گردوں کے ٹھکانے کو تباہ کرنے پر بھی سکیورٹی فورسز کو سراہا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کارروائیوں کے دوران 11 دہشت گردوں کا خاتمہ اور 2.9 ٹن دھماکہ خیز مواد کی برآمدگی اہم کامیابی ہے۔ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں عوام کے جان و مال کے تحفظ اور صوبے میں امن و استحکام کے لیے ناگزیر ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی انہوں نے کہا کہ "عزم استحکام" کے وژن کے تحت انسداد دہشت گردی کی مہم کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ ریاست کی رٹ چیلنج کرنے والے عناصر کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کا راستہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے سے ہو کر گزرتا ہے، اور صوبائی حکومت اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھے گی۔

بقیہ 10

سہولیات اور طالبات کو فراہم کی جانے والی تعلیمی سہولیات کا جائزہ لینا تھا۔ اس موقع پر کمشنر نے اسکول کے مختلف شعبہ جات، کلاس رومز، سائنس لیبارٹری، کمپیوٹر لیب، لائبریری اور دیگر سہولیات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے اساتذہ اور طالبات سے ملاقات کی اور تعلیمی معیار، حاضری، تدریسی نظام اور درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ کمشنر نے اساتذہ کی حاضری، وقت کی پابندی اور تدریسی معیار پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اسکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ طالبات کی تعلیمی استعداد میں بہتری، نظم و ضبط اور ہم نصابی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے اسکول میں دستیاب بنیادی سہولیات کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو درپیش مسائل کے حل اور ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے مناسب اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 11

سب جیل ژکی کا تفصیلی دورہ کیا اور جیل میں قیدیوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات سمیت انتظامی و سکیورٹی امور کا جائزہ لیا دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے جیل کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا، جن میں بیرکس، صفائی ستھرائی، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، واش رومز، کچن، خوراک کے معیار اور قیدیوں کو دستیاب دیگر بنیادی سہولیات شامل تھیں۔ انہوں نے جیل کے سکیورٹی انتظامات کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام سے ضروری معلومات حاصل کیں اسسٹنٹ کمشنر محمد اکرم خان حریفال نے جیل انتظامیہ سے قیدیوں کی مجموعی تعداد، جیل کی گنجائش، رہائشی انتظامات اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں تفصیلی بریفنگ لی۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف بیرکس کا دورہ کر کے قیدیوں سے ملاقات بھی کی اور ان کے مسائل، ضروریات اور دستیاب سہولیات کے بارے میں براہِ راست معلومات حاصل کیں اسسٹنٹ کمشنر نے جیل انتظامیہ کو صفائی ستھرائی، خوراک کے معیار، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی

بقیہ 12

ڈاکٹر حبیب اللہ بندرانی ڈسٹرکٹ منیجر طارق شہباز سمیت محکمہ صحت کے دیگر متعلقہ افسران اور کمیٹی ممبران نے شرکت کیا جلاس کے دوران ضلع بھر میں عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات سرکاری ہسپتالوں اور مراکزِ صحت میں موجود مسائل ڈاکٹرز نرسنگ اسٹاف اور پیرامیڈیکل عملے کی حاضری ادویات کی دستیابی صفائی ستھرائی اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی سمیت مختلف اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر ورند لعل نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع کے تمام سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکزِ صحت میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملے کی بروقت حاضری ہر صورت یقینی بنائی جائے تاکہ دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے انہوں نے واضح کیا کہ فرائض میں غفلت اور غیر حاضری کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور غیر حاضر ملازمین کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی جبکہ غیر حاضری کی صورت میں قواعد و ضوابط کے تحت تنخواہوں سے کٹوتی بھی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ صحت عامہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں اور ان کے لواحقین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے مریضوں کو بروقت طبی معائنہ اور ضروری علاج فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ادویات کی دستیابی کو بھی یقینی بنایا جائے ڈپٹی کمشنر نے محکمہ صحت کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ ضلع بھر کے ہسپتالوں اور مراکزِ صحت کے باقاعدگی سے دورے کریں

بقیہ 13

اپنی زندگی خودمختار انداز میں گزار سکتے ہیں بلکہ لاکھوں لوگوں کی خدمت اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اس ضمن میں اسپیشل پرسن سید رفیع اللہ جیسے نوجوان ہمارے لیے صرف خصوصی افراد نہیں بلکہ عزم، ہمت اور امید کی روشن مثال ہیں۔ گورنر مندوخیل نے سید رفیع اللہ کی تعلیمی خواہش اور مستقبل کے عزائم کو سراہتے ہوئے انہیں لیپ ٹاپ فراہم کرنے اور ان کی خواہش کے مطابق متعلقہ تعلیمی شعبے میں فوری طور داخلہ دلانے کی ہدایت کی۔ یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں اسپیشل پرسن سید رفیع اللہ کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ دونوں ہاتھوں سے محروم سید رفیع اللہ نے عزم، حوصلے اور غیر معمولی صلاحیتوں کی ایسی زندہ مثال قائم کی ہے جو اس حقیقت کا عملی ثبوت ہے کہ جسمانی معذوری انسان کے خوابوں، صلاحیتوں اور کامیابی کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں مواقع، سہولیات اور حوصلہ فراہم کیا جائے۔ گورنر مندوخیل نے عالمی شہرت یافتہ سائنسدان اسٹیفن ہاکنگ کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ وہ شدید جسمانی معذوری کے باعث اپنی زندگی کا بیشتر حصہ وہیل چیئر تک محدود رہے لیکن اپنی غیر معمولی ذہانت، ریسرچ اور بلند عزم کی بدولت کائنات کے اسرار کو سمجھنے میں دنیا کی فکری رہنمائی کی اور سائنس کی تاریخ میں اپنا نام ہمیشہ کے لیے رقم کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر عزم زندہ ہو تو ہاتھ نہ ہونے کے باوجود انسان نئے کارنامے سرانجام دے سکتا ہے۔ سید رفیع اللہ جیسے باہمت نوجوان بلوچستان کے دوسرے نوجوانوں کیلئے امید، حوصلے اور خوداعتمادی کا پیغام ہے۔

بقیہ 14

اعلان کر دیا اس موقع پر سردارزادہ میر دینار خان ڈومکی نے سبی لہڑی اتحاد میں شامل ہونے والی تمام شخصیات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ نئی شخصیات کی شمولیت سے اتحاد مزید مضبوط، فعال اور مؤثر ہوگا انہوں نے کہا کہ سبی لہڑی اتحاد کا بنیادی مقصد علاقے کے عوام کو ایک مضبوط اور مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے، جہاں عوامی مسائل کو اجاگر کر کے ان کے حل کے لیے مؤثر اور عملی کردار ادا کیا جا سکے سردارزادہ میر دینار خان ڈومکی نے کہا کہ علاقے کی ترقی، عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے اجتماعی جدوجہد وقت کی اہم ضرورت ہے سبی لہڑی اتحاد عوام کے حقوق اور اجتماعی مفادات کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گا اور تمام طبقات کو ساتھ لے کر چلنے کی کوشش کی جائے گی نئی شامل ہونے والی شخصیات نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سبی لہڑی اتحاد میں شمولیت کا مقصد علاقے کی فلاح و بہبود، عوامی مسائل کے حل اور اتحاد و یکجہتی کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اتحاد کے پلیٹ فارم سے عوامی مفادات کے لیے مشترکہ طور پر جدوجہد کریں گے اس موقع پر محمد اسماعیل، احمد خان، آزاد خان، قادر بخش، ذکریا خان، بابو فاروق، الیاس خان، خیر محمد، جان محمد، نواب خان، عبدالعزیز، حاصل خان، محمد ہاشم اور محمد نواز سمیت دیگر علاقائی معززین بھی موجود تھے اہلیان سامیزی گاؤں کے بزرگوں، نوجوانوں اور بڑی تعداد میں ہم خیال افراد کی جانب سے سبی لہڑی اتحاد میں شمولیت کے اعلان کو علاقے کی سیاسی و سماجی سطح پر ایک اہم اور خوش آئند پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے دوران شمولیتی پروگرام سردارزادہ میر دینار خان ڈومکی کے ہمراہ قبائلی و سیاسی شخصیات میر اللہ داد جتوئی سابق تحصیل ناظم میر محمد جان رند، جنرل کونسلر میونسپل کمیٹی ملک ساجد خان بنگلزئی، بابو دین محمد مرغزانی، وڈیرہ دیدار سیلاچی و دیگر موجود تھے

بقیہ 15

کے دوران مختلف علاقوں میں قائم کرش پلانٹس کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ عدالتی احکامات اور متعلقہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے کرش پلانٹس کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انتظامیہ نے متعدد مقامات پر سخت اقدامات کیے، جبکہ کارروائی کے دوران 13 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر نے کہا کہ غیر قانونی کرش پلانٹس کے خلاف کارروائی محکمہ داخلہ کے نوٹس اور عدالتی احکامات کی روشنی میں عمل میں لائی جا رہی ہے اور کسی بھی فرد یا ادارے کو قانون کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دی جائے گی

بقیہ 16

ایشن بلوچستان کی صدر بیگم عظمت حسن بلوچ نے کی تربیتی سرگرمی کے دوران گرل گائیڈز کو محدود اور دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کرتے ہوئے مختلف طریقوں سے کھانا تیار کرنے کا عملی مظاہرہ کروایا گیا گرل گائیڈز نے سرگرمی میں بھرپور دلچسپی لیتے ہوئے خود مختلف طریقوں سے کھانا پکانے کی مشق کی اور ہنگامی حالات میں متبادل ذرائع کے استعمال سے متعلق عملی تجربہ حاصل کیا اس موقع پر پاکستان گرل گائیڈ ایسوسی ایشن بلوچستان کی صدر بیگم عظمت حسن بلوچ نے کہا کہ گرل گائیڈز کی تربیت کا مقصد صرف گائیڈنگ کے اصول اور ضوابط سکھانا نہیں بلکہ بچیوں کو مشکل حالات میں خود انحصاری، خوداعتمادی اور عملی زندگی کے چیلنجز کا سامنا کرنے کے لیے تیار کرنا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی عملی تربیتی سرگرمیاں گرل گائیڈز میں مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں ہنگامی صورتحال میں دستیاب وسائل کو بہتر انداز میں بروئے کار لانے کے قابل بناتی ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں نوجوان نسل بالخصوص بچیوں کو ایسی عملی مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

بقیہ 17

لائسنس کے اجرا کا عمل تیزی سے جاری ہے یہ کارروائیاں اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز گوادر شاہ فہد کی نگرانی میں گوادر فشریز اسٹیشن کی فیلڈ ٹیموں کے ذریعے انجام دی جا رہی ہیں۔ اس دوران کشتیوں کی پیمائش، ساخت، ضروری دستاویزات اور متعلقہ ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے بعد اہل کشتیوں کو رجسٹریشن نمبر الاٹ کیے جا رہے ہیں جبکہ مقررہ ضوابط کے مطابق ماہی گیری کے لائسنس بھی جاری کیے جا رہے ہیں محکمہ فشریز کے مطابق کشتی کے سائز کے تعین کے بعد مقررہ چارجز وصول کر کے لائسنسنگ کا عمل مکمل کیا جائے گا۔ ماہی گیروں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ مقررہ مدت میں اپنی کشتیوں کی رجسٹریشن، پیمائش اور انسپکشن مکمل کرائیں تاکہ ماہی گیری کے شعبے کو مزید منظم اور ماہی گیروں کے لیے سہولیات کو بہتر بنایا جا سکے۔

بقیہ 18

کہ صارفین کو مقررہ مقدار کے مطابق پیٹرول فراہم کیا جا رہا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے پیٹرول پمپ مالکان کو ہدایت کی کہ گیج اور میٹر ریڈنگ میں کسی قسم کی بے ضابطگی یا صارفین کو مقررہ مقدار سے کم پیٹرول کی فراہمی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے حقوق کے تحفظ اور پیمانوں میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے پیٹرول پمپس کی چیکنگ کا سلسلہ آئندہ بھی بلاتعطل جاری رہے گا۔

بقیہ 19

شاہد رند نے کہا کہ خاران میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک پر رکاوٹیں کھڑی کر کے ٹریفک کی روانی متاثر کرنے کی کوشش کو بروقت ناکام بنانا سکیورٹی فورسز کی مستعدی اور پیشہ ورانہ مہارت کا واضح ثبوت ہے انہوں نے کہا کہ واشک میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی جانے والی کارروائی کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو تباہ کرنا اور تین دہشت گردوں کو انجام تک پہنچانا ایک اہم کامیابی ہے۔ کارروائی کے دوران بھاری مقدار میں دھماکہ خیز مواد کی برآمدگی سے دہشت گردوں کے مذموم عزائم بھی بے نقاب ہوئے ہیں معاونِ وزیراعلیٰ نے کہا کہ 2.9 ٹن دھماکہ خیز مواد کی برآمدگی اس امر کی عکاسی کرتی ہے کہ دہشت گرد بلوچستان میں تخریبی کارروائیوں کی منصوبہ بندی کر رہے تھے، تاہم سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے ان کے عزائم خاک میں ملا دیے شاہد رند نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ بیرونی عناصر کی سرپرستی میں بلوچستان کا امن تباہ کرنے کی ہر کوشش کا بھرپور مقابلہ کیا جائے گا

بقیہ 20

پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملے کی حاضری کا جائزہ لیا اور تمام اسٹاف سے ملاقات کر کے مرکز صحت کی مجموعی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے مرکز صحت کے میڈیسن اسٹور، ای پی آئی سینٹر اور مختلف وارڈز کا تفصیلی معائنہ کیا، جبکہ متعلقہ ریکارڈ، ادویات کے اسٹاک اور انوینٹری کا بھی جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران بعض انتظامی اور ریکارڈ سے متعلق امور میں بہتری کی ضرورت محسوس کی گئی، جن کے حوالے سے متعلقہ عملے کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کی گئیں اور مطلوبہ اقدامات عمل میں لائے گئے۔ اس موقع پر اعلیٰ حکام کی جانب سے صحت کے شعبے میں بہتری اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی بروقت فراہمی سے متعلق ہدایات بھی مرکز کے عملے تک پہنچائی گئیں۔ ڈاکٹر عبدالقادر ہارون نے عملے پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیتے ہوئے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں

بقیہ 21

15 سالہ دوسری بیوی کو ہلاک کر دیا اور موقع سے فرار ہوگیا۔ پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی اور مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ 22

اینڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس سمٹ میں شرکت اور خطاب پر مبارکباد پیش کی۔ ملاقات کے دوران سابق رکن صوبائی اسمبلی انیتا عرفان، عرفان بشیر، بشپ ولسن فضل، بشپ امانت مسیح، آمر جان، طارق گل اور راج کمار بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے امریکہ کے کامیاب دورے کے بعد وطن واپسی پر مبارکباد دینے پر تمام اقلیتی نمائندوں کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک میں یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس سمٹ سے خطاب ہم سب کیلئے باعثِ اعزاز ہے۔ گورنر ہاؤس میں آپ سب کی آمد میرے لیے باعثِ خوشی ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور انہیں قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے سنجیدہ اور موثر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اپنے نوجوانوں کی آواز کو دنیا کے سب سے بڑے عالمی فورم پر مختلف ممالک کے مندوبین کے سامنے اجاگر کرنا ایک قابلِ فخر عمل ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ امریکہ کے دورے کے دوران پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے جشن آزادی پاکستان کے سلسلے میں ٹیکساس، ہیوسٹن اور لاس اینجلس میں منعقدہ تقریبات میں بھی شرکت کی۔ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہمارا تعلق بلاشبہ مختلف قوموں، مذاہب اور اقلیتوں سے ہے مگر ہم سب پاکستانی ہیں۔ آئینِ پاکستان کی نظر میں تمام شہری برابر ہیں۔ انہوں نے اقلیتی برادریوں کے نمائندوں کو یقین دلایا کہ حکومت کا تعاون ہمیشہ ان کے ساتھ رہے گا اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیںگے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے "مینارٹیز" کی اصطلاح کو تبدیل کر کے "انٹرفیتھ ہارمنی" کا نام دیا ہے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی اور صوبائی قیادت کی جانب سے بھی یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ جو کیمونٹیز ترقی کے عمل میں پیچھے رہ گئی ہیں، انہیں آگے لایا جائے اور انہیں مساوی مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اقلیت ہوں یا اکثریت، ہم سب ایک ہی ملک کے باشندے ہیں اور پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں سب کا برابر کا کردار ہے

بقیہ 23

تین نئی اسپیشلائزیشنز، ڈیٹا سائنس، آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور سائبر سیکیورٹی متعارف کرانے کی منظوری دی گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ کمپیوٹنگ میں 14 سالہ ایسوسی ایٹ ڈگری کے حامل امیدواروں کو بی ایس کمپیوٹر سائنس پروگرام کے پانچویں سمسٹر میں براہ راست داخلے کی سہولت دینے کی بھی سفارش کی گئی۔ اجلاس میں ہائر ایجوکیشن کمیشن جانب سے جاری کردہ فریم ورک کے مطابق بی ایس کمپیوٹر سائنس کے پروگرام لرننگ آؤٹ کمز اور کورس لرننگ آؤٹ کمز کے علاوہ نصاب کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ترجمان جامعہ تربت کے مطابق، وائس چانسلر ڈاکٹر گل حسن نے اس موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یونیورسٹی کو روایتی تعلیمی نظام سے نکال کر قومی اور بین الاقوامی معیار کے مطابق جدید خطوط پر استوار کرنے کا عمل تیزی سے جاری ہے، تاکہ یہاں سے فارغ التحصیل طلبہ قومی و عالمی جاب مارکیٹ کے چیلنجز کا ڈٹ کر مقابلہ کر سکیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جامعہ تربت اپنے اسٹریٹجک پلان 2030 پر عملدرآمد کرتے ہوئے اس خطے میں ہائی ٹیک تعلیم اور ڈیجیٹل انقلاب کا سب سے بڑا مرکز بننے کی طرف گامزن ہے۔ وائس چانسلر نے واضح کیا کہ عصر حاضر کے تقاضوں پر مبنی نئے متعارف کرائے گئے ان پروگرامز کا بنیادی مقصد طلبہ کو کامیاب کیریئر کی ضمانت فراہم کرنا ہے

بقیہ 24

پیر طریقت پیر سید حافظ عبدالرحیم شاہ جیلانی قادری نے فرمائی۔ محفل کے مہمانانِ خصوصی میں حضرت سید سلیم شاہ بخاری، سید شاہد شاہ بخاری، سید عبدالغفار شاہ، صاحبزادہ محمد باقر علی شاہ جیلانی قادری، علامہ مقبول احمد مہر، میر عرض محمد جتک، رئیس عبدالکریم ببر جمالی، حاجی محمد پریل جمالی، حاجی محمد قاسم، محمد رفیق، صابر علی، فقیر تاج محمد اور اعجاز احمد قادری سمیت دیگر معزز شخصیات شریک ہوئیں۔ اس موقع پر ملک کے معروف ثناء خوانانِ رسول ﷺ طفیل احمد قادری، آصف علی قادری، عبداللطیف قادری، فقیر دھنی بخش حسینی اور فقیر سیف حسینی نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں عقیدت کے پھول نچھاور کیے۔ محفل کی زیرِ نگرانی صدام حسین قادری اور حافظ عنایت اللہ قادری نے انتظامات انجام دیے۔ محفل کے اختتام پر ملک و قوم، امت مسلمہ اور علاقے کی سلامتی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 25

ہوا کہ مذکورہ ملزم تھانہ شالکوٹ کے مقدمہ نمبر 149/2026 جرم 397 ت پ میں بھی براہ راست ملوث ہے۔ اس سنسنی خیز انکشاف کے بعد پولیس نے فوری طور پر ملزم کو تھانہ شالکوٹ کے بالا مقدمے میں حسب ضابطہ گرفتار کر کے مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ عوام نے پولیس اسٹیشن منظور شہید کے ایس ایچ او اور پولیس ٹیم کی اس کارکردگی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ شہر میں جرائم کے خاتمے کے لیے ایسی ہی جانفشانی سے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 26

کا مفت طبی معائنہ کیا گیا اور ادویات فراہم کی گئیں۔ اس موقع پر کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات چیت کے دوران فوجی فاؤنڈیشن اور اٹک سیمنٹ کی انتظامیہ کی جانب سے علاقے کی بہتری اور عوامی فلاح کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو خصوصی طور پر سراہا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اٹک سیمنٹ، جو فوجی فاؤنڈیشن کے زیر انتظام ادارہ ہے، مقامی آبادی کی فلاح و بہبود کے لیے قابلِ تحسین کردار ادا کر رہا ہے۔ اس موقع پر اٹک سیمنٹ کے زیر اہتمام قائم سلائی کڑھائی تربیتی مرکز کا بھی افتتاح کیا گیا جہاں 20 مقامی خواتین کو تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ تربیت کی تکمیل پر خواتین کو سلائی مشینیں بطور تحفہ فراہم کی جائیں گی تاکہ وہ اپنے گھروں سے باعزت روزگار حاصل کر سکیں۔ تربیتی مرکز کی خواتین نے فوجی فاؤنڈیشن اور اٹک سیمنٹ کے اس اقدام کو بھرپور سراہتے ہوئے کہا کہ انہیں اس سے قبل ایسی مواقع اور سہولیات میسر نہیں تھیں، جبکہ اٹک سیمنٹ نے انہیں ہنر سیکھنے، خود روزگار حاصل کرنے اور اپنے خاندانوں کی معاشی معاونت کا ایک باعزت موقع فراہم کیا ہے۔ اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ، فوجی فاؤنڈیشن کی فلاحی سوچ کے تحت، مقامی کمیونٹی کی ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنے CSR اقدامات آئندہ بھی جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 27

فروخت کا بھی جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران جن پمپ مالکان کی جانب سے مقررہ قیمتوں سے تجاوز یا کم پیمانے پر پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت کی خلاف ورزی سامنے آئی، ان پر جرمانے عائد کیے گئے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سوئی نے پیٹرول پمپ مالکان کو سختی سے ہدایت کی کہ پیمانے درست اور برابر رکھے جائیں اور پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت مقررہ نرخوں پر یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو مقررہ قیمت اور درست پیمانے کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ پیٹرول پمپ کو سیل کرنے سمیت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 28

کے حال پر چھوڑ دیا ہے، جس کے باعث صوبے میں بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی، بدعنوانی اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ جماعت اسلامی عوام کے اجتماعی مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کر رہی ہے اور عوام کے حقوق کے حصول تک جدوجہد جاری رکھے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی سیکرٹریٹ میں صوبائی ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبائی نائب امیر و پارلیمانی سیکرٹری انجینئر عبدالمجید بادینی، صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امراء زاہد اختر بلوچ، بشیر احمد ماندائی، پروفیسر مولانا محمد ایوب منصور، مولانا محمد عارف دمڑ، کسان بورڈ بلوچستان کے صدر لعل بخش کھوسہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹریز پروفیسر سلطان محمد کاکڑ، سلطان محمد مختی، قاری امداد اللہ، محمد یوسف منگریو، امیر جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند، میڈیا انچارج عبدالولی خان شاکر، روح اللہ سالار، احمد شاہ غازی اور دیگر صوبائی ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ پہیہ جام ہڑتال، گورنر ہاؤس کے سامنے عوامی دھرنے اور شٹر ڈاؤن ہڑتال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ صوبائی اور مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران نے اپنی کارکردگی رپورٹس پیش کیں۔ اجلاس میں آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی مشاورت بھی کی گئی اور مختلف اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی ذمہ داران نے کہا کہ بلوچستان کے عوام مسلسل مسائل اور مشکلات کا شکار ہیں، بدامنی اور عدم تحفظ کے باعث شہری اپنے ہی گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں۔ شاہراہوں اور بارڈرز کی بندش سے صوبے کی معیشت اور معاشرت بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ کاروبار، تجارت، روزگار اور عام شہری کی نقل و حرکت شدید مشکلات کا شکار ہے۔ حکمرانوں کی غفلت اور اداروں کی ناقص کارکردگی کے باعث بلوچستان کے مختلف علاقوں کو عملاً نو گو ایریا بنا دیا گیا ہے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام کو خیرات نہیں، اپنے بنیادی حقوق، امن، روزگار، عزت اور محفوظ راستے چاہییں۔ صوبے کے وسائل پر یہاں کے عوام کا پہلا حق ہے، مگر بدقسمتی سے وسائل کی فراوانی کے باوجود بلوچستان کے عوام پسماندگی، غربت اور محرومی کا شکار ہیں۔ نوجوان بے روزگاری سے پریشان، تاجر کاروباری مشکلات میں مبتلا اور عام شہری امن و امان کی خراب صورتحال سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ ادارے عوام کو تحفظ دینے، شاہراہوں کو محفوظ بنانے، بارڈرز کھولنے، تجارت کو بحال کرنے اور پٹرولیم مصنوعات کی غیر قانونی وصولیوں کا خاتمہ کرنے میں سنجیدہ اقدامات کریں۔ عوام کو سڑکوں پر آنے اور احتجاج کرنے پر مجبور نہ کیا جائے بلکہ ان کے جائز مطالبات فوری طور پر تسلیم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے ہمیشہ پرامن، جمہوری اور آئینی جدوجہد پر یقین رکھا ہے۔ حالیہ پہیہ جام، دھرنے اور شٹر ڈاؤن ہڑتال عوامی مسائل اور حقوق کے لیے پرامن احتجاج کا حصہ تھے۔ بلوچستان کے عوام نے جس اتحاد، نظم و ضبط اور بھرپور تعاون کا مظاہرہ کیا ہے، وہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام اپنے حقوق کے لیے بیدار ہو چکے ہیں۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی بلوچستان کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔ امن، روزگار، تعلیم، صحت، تجارت، بارڈرز کی بحالی، شاہراہوں کے تحفظ اور کرپشن کے خاتمے سمیت عوام کے تمام جائز مسائل کے حل کے لیے ہر آئینی و جمہوری فورم پر بھرپور آواز اٹھائی جائے گی۔ صوبائی ذمہ داران اور کارکنان عوام سے رابطہ مزید مضبوط کریں

بقیہ 1

سول سیکرٹریٹ کے سکندر جمالی آڈیٹوریم میں اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے ترقی پانے والے ملازمین کو آرڈرز فراہم کیے جانے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر تقریب کے دیگر شرکاء میں محکمہ آبپاشی کے افسران واہلکاروں کے علاوہ کلرک یونین کے عہدیداران و دیگر لوگ کثیر تعداد میں موجود تھے۔ تقریب سے خطاب میں صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت بے روزگاری کے خاتمے کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ انہیں وزارت کی ذمہ داری جب ملی تو انہوں نے لواحقین کوٹے کے تحت التواء کا شکار کیس پر کام شروع کرواکے اسی جگہ ایک پروقار تقریب میں 117 بیوہ، یتیم لواحقین کو تعیناتی کے آرڈرز فراہم کیے، انہوں نے کہا کہ کسی ضرورت مند حقدار کو نوکری یا ترقی کے آرڈرز دینا میرے ایک اعزاز کی بات ہے اور اس کام سے مجھے جو خوشی مل رہی ہے وہ میں بیان نہیں کرسکتا۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ ترقی پانے والے ملازمین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اپنے فرائض منصبی کو ایمانداری سے انجام دیتے ہوئے محکمے اور صوبے کی ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے، اس موقع پر تقریب سے محکمے کے افسران و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے ترقی پانے والے ملازمین کو مبارکباد پیش کی، انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی اور سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمان بلوچ اور ان کی ٹیم کی بہترین کاوشوں کے نتیجے میں محکمہ ترقی کے منازل طے کررہا ہے

بقیہ 2

اور آسان شرائط پر مالی وسائل تک رسائی یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بینک اور مالیاتی ادارے کسانوں، ایس ایم ایز اور ہاؤسنگ سیکٹر کو قرضوں کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں، جو بینک قرضوں کی فراہمی میں بھرپور کردار ادا کریں گے، حکومت ان کی حوصلہ افزائی کرے گی، زرعی شعبہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جس کے فروغ کے لئے کام کرنا قومی ذمہ داری ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم اپنا گھر اسکیم، زراعت اور ایس ایم ایز کے شعبوں کی ترقی کیلئے فنانسنگ پر پیشرفت کے حوالے سے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ بینک اور مالیاتی ادارے کسانوں، ایس ایم ایز اور ہاؤسنگ سیکٹر کو قرضوں کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں۔ شہباز شریف نے کہا کہ جو بینک قرضوں کی فراہمی میں بھرپور کردار ادا کریں گے، حکومت ان کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جس کے فروغ کے لئے کام کرنا قومی ذمہ داری ہے۔ وزیراعظم نے کسانوں کو بلا رکاوٹ اور آسان شرائط پر مالی وسائل تک رسائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ کم آمدن اور متوسط طبقات کے لئے سستی ہاؤسنگ کی فراہمی ہماری ترجیح ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ صوبائی چیف سیکرٹریز ایسے املاک کا جامع سروے کرائیں جس کیلئے بینک اپنے گھر کے خواہشمند افراد کو "وزیراعظم اپنا گھر اسکیم" کے تحت قرضہ مہیا کرسکیں۔ اجلاس کو ہاؤسنگ، زراعت اور ایس ایم ایز کے شعبوں کی فنانسنگ کے حوالے سے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ وزیراعظم اپنا گھر اسکیم کے حوالے سے اب تک 147,504 درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے 53,127 درخواستیں منظور ہوچکی ہیں۔ بتایا گیا کہ وزیراعظم اپنا گھر اسکیم کے تحت منظور شدہ درخواستوں کی کل مالیت 313.42 بلین روپے ہے، جبکہ 8,739 درخواست گزاروں کو 45.43 بلین قرضے فراہم کئے جاچکے ہیں۔ بتایا گیا کہ ملک بھر میں مورگیج کی شرائط پوری کرنے والے پلاٹس کی نشاندہی کے لئے نظام تیار کیا جارہا ہے، جس کا پائلٹ اسلام آباد سے ہوگا۔ بتایا گیا کہ اپنا گھر اسکیم کو مزید مربوط بنانے کے لیے معروف ہاؤس ڈویلپرز کو اس عمل میں شامل کرنے کے لیے ایک موثر طریقہ کار وضع کیا جائے گا۔ بتایا گیا کہ زرعی شعبے کے لئے بینکوں کی جانب سے قرضے کا حجم اگست 2026 میں 1.268 ٹریلین روپے رہا جبکہ ایکسیس ٹو فنانس پلان 2028-2026 کے تحت جون 2028 تک 2 ٹریلین روپے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ زرخیزی (e-Zarkhez) ایپ کے ذریعے آسان قرضے کے لیے 35,838 درخواستیں موصول ہوئیں

بقیہ 3

آزاد جموں وکشمیر کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں آزاد جموں وکشمیر کے امن، ترقی اور خطے میں جاری فلاحی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے حکومت پاکستان، حکومت آزاد جموں وکشمیر کے ساتھ بھرپور تعاون کرتی رہے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وفاقی حکومت کشمیری بھائیوں کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تمام اقدامات جاری رکھے گی۔ آزاد جموں وکشمیر کے وزیراعظم سید افتخار علی گیلانی نے وزیراعظم پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ خطے کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری اور وزیراعظم کے مشیر رانا ثناءاللہ بھی شریک تھے۔

بقیہ 4

مطابق معاملے کی سماعت کیلئے 3 رکنی لارجر بنچ بھی تشکیل دے دیا گیا ہے۔ لارجر بنچ میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کے ساتھ جسٹس اعظم خان اور جسٹس محمد آصف بھی شامل ہوں گے۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے گزشتہ سماعت کا 3 صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے چاروں صوبوں کے چیف سیکرٹریز اور انسپکٹر جنرلز (آئی جیز) کو جمعرات کو ذاتی حیثیت میں عدالت میں پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے چیف کمشنر اسلام آباد، آئی جی اسلام آباد اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کو بھی ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا ہے۔ تحریری حکم نامے کے مطابق ایک تاجر کی جانب سے پی ٹی آئی کے مجوزہ احتجاج کے خلاف درخواست دائر کی گئی تھی، درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو احتجاج کے باعث ہونے والے ممکنہ نقصانات سے آگاہ کیا اور موقف اختیار کیا کہ اسلام آباد میں احتجاج سے متعلق قانون پہلے سے موجود ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ معاملہ اہم نوعیت کا ہے، اس لیے اٹارنی جنرل آف پاکستان کو عدالتی معاونت کیلئے نوٹس جاری کیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے سابق وزیراعظم عمران خان کو اُن کے اہلخانہ اور ذاتی معالجین تک رسائی نہ دینے پر 27 ستمبر کو احتجاج اور لانگ مارچ کا اعلان کر رکھا ہے۔

بقیہ 5

پاکستان کے سفیر عاصم افتخار احمد کو نیا سیکرٹری خارجہ مقرر کیا گیا ہے۔ نائب وزیراعظم اور وزیراعظم اسحاق ڈار نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ پاکستان کی 33 ویں سیکریٹری خارجہ سفیر آمنہ بلوچ 17 ستمبر 2026 کو سرکاری ملازمت سے ریٹائر ہو جائیں گی، انہوں تین دہائیوں سے زائد عرصے تک سفارتی خدمات انجام دیں، وہ 11 ستمبر 2024 سے سیکریٹری خارجہ کے منصب پر فائز ہیں۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ آمنہ بلوچ کی خدمات اور مشکل دور میں وزارت خارجہ کی قیادت قابل تحسین ہے، ریٹائرمنٹ کے بعد وہ ترکیہ میں پاکستان کی سفیر کی حیثیت سے ذمہ داریاں سنبھالیں گی۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد کو نیا سیکریٹری خارجہ مقرر کیا گیا ہے اور وزیراعظم شہباز شریف نے ان تعیناتیوں کی منظوری دے دی ہے۔

بقیہ 6

ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چوتھے اجلاس کی صدارت کی جس میں کمپنی سے متعلق اہم انتظامی، مالی اور آپریشنل امور کا جائزہ لیتے ہوئے متعدد اہم فیصلوں اور تجاویز اور گزشتہ بورڈ اجلاس کے فیصلوں کی توثیق کی منظوری دی گئی اجلاس میں بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کی کارکردگی، انتظامی امور، آپریشنل معاملات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر کمپنی کے امور کو مزید موثر اور منظم بنانے، آپریشنل استعداد کار میں اضافے اور ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے سے متعلق مختلف امور زیر بحث آئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے اس کی آپریشنل اور انتظامی صلاحیتوں میں مزید بہتری لائی جائے تاکہ ادارہ صوبے میں فضائی سہولیات کے فروغ کے لیے موثر کردار ادا کرسکے وزیر اعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کمپنی کے امور میں شفافیت، پیشہ ورانہ نظم و نسق اور موثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے جبکہ منظور کیے گئے فیصلوں پر بروقت عملدرآمد کے لیے واضح میکنزم وضع کیا جائے اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، ڈائریکٹر جنرل بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کیپٹن علی آزاد سمیت بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اراکین اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 7

، بزرگوں اور نوجوانوں کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈیرہ بگٹی، سوئی اور گردونواح میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود اور علاقے کی مجموعی ترقی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ڈیرہ بگٹی، سوئی اور پورے علاقے کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے لیے تاریخ ساز منصوبوں پر کام جاری ہے، جبکہ متعدد اہم منصوبے مکمل کیے جاچکے ہیں۔ حکومت بلوچستان علاقے میں تعلیم، صحت، ذرائع مواصلات اور روزگار کے مواقع کی فراہمی سمیت بنیادی سہولیات کی بہتری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے انہوں نے کہا کہ گیس کمپنیوں میں مقامی افراد کو روزگار کے مواقع کی فراہمی اور مقامی آبادی کی فلاح و بہبود حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ گیس کمپنیوں کے سوشل رسپانسبلٹی اور بہبود کے فنڈز کو بھی عوامی مفاد کے منصوبوں پر خرچ کرنے کے لیے موثر حکمت عملی اختیار کی جارہی ہے تاکہ ان وسائل سے مقامی آبادی کو براہ راست فائدہ پہنچ سکے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت ترقیاتی عمل کو محض اعلانات تک محدود رکھنے کے بجائے عملی اقدامات کے ذریعے ڈیرہ بگٹی، سوئی اور ملحقہ علاقوں میں دیرپا ترقی کی بنیاد مضبوط کر رہی ہے۔ تعلیم اور صحت کے شعبوں کے ساتھ سڑکوں اور دیگر مواصلاتی ذرائع کی بہتری، روزگار کے مواقع اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھایا جارہا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ علاقے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی حکومت کی ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے دستیاب وسائل کو شفاف اور موثر انداز میں بروئے کار لایا جارہا ہے۔

بقیہ 8

جائے گی، آئی ایم ایف کی منظوری کے بعد آٹو پالیسی ای سی سی میں پیش کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق کابینہ کی منظوری کے بعد نئی آٹو پالیسی پارلیمنٹ میں پیش کی جائیگی، نئی آٹو پالیسی 31-2026 کے مسودے پر وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہوا۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں ایک عرصے سے زیرالتوا نئی آٹو پالیسی 2026-31 کے مسودے پر غور کیا گیا۔ نئی آٹو پالیسی کا مقصد مقامی آٹو انڈسٹری میں سرمایہ کاری، گاڑیوں کی برآمدات، مقامی پیداوار اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ ذرائع کے مطابق نئی آٹو پالیسی میں ہائبرڈ گاڑیوں کی درآمد پر آئندہ 5 سال میں ٹیکس میں 20 فیصد کمی کی تجویز دی گئی ہے۔ 851 سے 1000 سی سی اور 800 سی سی تک ہائبرڈ گاڑیوں پر بھی آئندہ 5 سال میں ڈیوٹی 50 فیصد سے کم کرکے 30 فیصد کرنے کی تجویز ہے۔ پالیسی ڈرافٹ کے تحت 1800 سی سی سے زائد ہائبرڈ گاڑیوں کی درآمد پر آئندہ 5 سال کے دوران ٹیکس میں مرحلہ وار کمی کی تجویز دی گئی ہے۔ 1801 سی سی سے زائد ہائبرڈ گاڑیوں پر ڈیوٹی 5 سال میں مرحلہ وار 50 فیصد سے کم کرکے 30 فیصد کرنے کی تجویز ہے، جبکہ 1501 سے 1800 سی سی تک ہائبرڈ گاڑیوں پر بھی ڈیوٹی 50 فیصد سے کم کرکے 30 فیصد تک لانے کی تجویز زیر غور ہے۔ ذرائع کے مطابق ہائبرڈ ٹرک پر ڈیوٹی 30 فیصد سے کم کرکے 15 فیصد کرنے کی تجویز بھی شامل ہے۔ ہائبرڈ کمرشل گاڑیوں پر ڈیوٹی 60 فیصد سے کم کرکے 30 فیصد جبکہ ہائبرڈ بسوں پر ڈیوٹی 30 فیصد سے کم کرکے 15 فیصد تک لانے کی تیاری ہے۔ ذرائع کے مطابق نئی آٹو پالیسی کے اعلان سے قبل آئی ایم ایف سے بھی منظوری لی جائے گی

بقیہ 9

کے مطابق صدر زرداری پاکستان کے لیے روانہ نہیں ہوں گے، صدر آصف علی زرداری کی روانگی کا نیا شیڈول (آج) جمعرات کو جاری کیے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ 10

کے مطابق امریکی جنگی جہاز ایرانی حملوں کی کوششوں سے کامیابی کے ساتھ بچ نکلنے میں کامیاب رہا، ایرانی حملوں میں کسی امریکی اہلکار کو نقصان نہیں پہنچا۔ واضح رہے کہ امریکا نے ایرانی جزیرے خارگ اور جاسک کے قریب ایران کے آئل ٹینکرز پر میزائل سے حملہ کیا ہے۔۔۔۔ امریکا نے ایرانی جزیرے خارگ اور جاسک کے قریب ایران کے آئل ٹینکرز پر میزائل حملہ کیا ہے۔ ادھر ایران کے پاسداران انقلاب نے اردن میں الازرق امریکی اڈے کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پاسداران انقلاب نے کہا کہ یہ حملہ ایرانی تیل بردار جہازوں پر امریکی حملوں کے ردعمل میں کیا گیا۔ اردن میں پینٹاگون کا ڈیفنس نظام ایرانی میزائل روکنے کے لیے فعال ہوگیا ہے۔ اردن کی جانب سے امریکی اڈے پر حملے کی تصدیق نہیں کی گئی۔ ادھر یوکے ایم ٹی او کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز میں ایک تجارتی بحری جہاز سے متعلق واقعے کی اطلاع ملی ہے۔ امریکی حملوں کے بعد پاسداران نے کویت اور بحرین کی بندرگاہوں کے قریب موجود آئل ٹینکرز کے عملے کو علاقوں سے نکل جانے کی وارننگ جاری کی تھی۔۔۔۔۔ وہی میڈیا کا دعویٰ ہے کہ ایران نے تازہ امریکی حملوں کے جواب میں میزائلوں کی بارش کردی۔ روسی میڈیا کا کہنا ہے کہ اردن میں پینٹاگون کا ڈیفنس نظام ایرانی میزائل روکنے کیلئے فعال ہوگیا ہے، اس سے قبل امریکی سینٹرل کمانڈ نے اعلان کیا تھا کہ امریکی فورسز نے ایران کے 5 خام تیل بردار بحری جہاز تباہ کردیے ہیں۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق امریکی فوجی اڈوں پر اصفہان، تہران، تبریز وخرم آباد سے درجنوں میزائل داغے گئے، اردن میں امریکی فوجی اڈے پر دو درجن سے زائد میزائل داغے گئے۔ ایرانی سرکاری میڈیا نے مزید بتایا کہ اردن میں امریکی فوجی اڈے پر دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ سینٹ کام کے مطابق کارروائی پاسداران انقلاب کی جانب سے 2 روز کے دوران امریکی بحری جنگی جہاز کو 2 مرتبہ بیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنانے کے بعد کی گئی۔ ایرانی بحریہ نے خبردار کیا تھا کہ کویت اور بحرین کی بندرگاہوں سے تمام آئل ٹینکروں کا عملہ انخلا کر جائے جہاں امریکی اہلکار ہیں۔۔۔۔۔ ایرانی پاسداران انقلاب (آئی آر جی سی) نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں 2 امریکی بحری جہازوں اور 8 آئل ٹینکروں، 10 دیگر جہازوں کو نشانہ بنایا ہے۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق آئی آر جی سی نے اپنے بیان میں کہا کہ امریکی دہشت گرد فوج کی جارحیت اور بدنیتی کے جواب میں امریکی بحری جہازوں کو نشانہ بنایا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا نے اس سے قبل 5 ایرانی آئل ٹینکروں کو نشانہ بنایا تھا۔ پاسداران انقلاب نے مزید کہا کہ ہماری افواج نے خلاف ورزی کرنے والے مزید 10 بحری جہازوں کو بھی نشانہ بنایا۔ ان کا کہنا تھا کہ نشانہ بنائے گئے بحری جہاز امریکا کی جانب سے اشتعال دلائے جانے اور حمایت کے بعد آبنائے ہرمز کے ایک ممنوع اور غیر محفوظ علاقے سے گزرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ پاسداران انقلاب نے واضح کیا کہ آبنائے ہرمز بدستور ایران کی مضبوط اور بااختیار نگرانی اور انتظام میں ہے۔۔۔۔۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے ایران کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب بھی ایران امریکی بحریہ کے جہازوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کرے گا، اسے اپنے ٹینکرز سے ہاتھ دھونا پڑیں گے۔ کولمبیا کے دورے کے دوران صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے مارکو روبیو نے کہا کہ امریکی جنگی جہازوں پر حملے کی کوششوں کے ردعمل میں امریکا ایرانی تیل بردار جہازوں کو نشانہ بناتا رہے گا۔ قبل ازیں امریکی سینٹرل کمانڈ نے کہا کہ 8 ستمبر کو امریکی افواج نے خام تیل لے جانے والے پانچ ایرانی جہازوں کو تباہ کردیا ہے۔۔۔۔۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے آبنائے ہرمز کے داخلی راستے پر امریکا کا بغیر پائلٹ آبدوز قبضے میں لینے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایرانی پاسداران انقلاب کے مطابق امریکی آبدوز کو ایک پیچیدہ انٹیلی جنس اور آپریشنل کارروائی کے دوران قبضے میں لیا گیا۔ پاسداران انقلاب کا کہنا تھا کہ پکڑی گئی آبدوز جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس ایک اسمارٹ اور بغیر پائلٹ آبدوز ہے جو 2025 میں امریکی بحری بیڑے میں شامل کی گئی تھی۔ ایرانی حکام کے مطابق اس آبدوز کی اہم صلاحیتوں میں زیر آب جاسوسی اور نگرانی، سمندر کی تہہ کا نقشہ تیار کرنا، بارودی سرنگوں کی نشاندہی اور زیر آب کیبلز و پائپ لائنز کا معائنہ شامل ہے۔۔۔۔۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے امریکا کی جانب سے ایران پر عائد کی جانے والی نئی پابندیوں پر کڑی تنقید کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے کہا کہ امریکا پابندیوں اور فوجی کارروائیوں کے بعد بھی اپنا مقصد حاصل کرنے میں ناکام رہا، اس لیے ایک بار پھر اقتصادی دباؤ کا راستہ اختیار کر رہا ہے۔ عباس عراقچی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں کہا کہ 47 سال کی پابندیوں کے بعد امریکا نے اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف جنگ لڑی، نتیجے میں امریکا کو شدید نقصانات کا سامنا کرنا پڑا، دنیا بھر میں امریکا کی ساکھ متاثر ہوئی۔ ایرانی وزیر خارجہ نے سوال کیا کہ پابندیوں اور جنگ کے ذریعے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام واشنگٹن کے پاس کیا نیا حل بھی مزید پابندیاں لگانا ہے؟

بقیہ 11

خارجہ کے ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ نے علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں نے علاقائی امور پر پاکستان اور مصر کے درمیان قریبی مشاورت جاری رکھنے کی ضرورت پر اتفاق کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان، مصر، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان علاقائی معاملات پر قریبی مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ اس مقصد کے لیے ریجنل فور (R4) کے وزرائے خارجہ کے ذریعے بھی علاقائی امور پر مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار اور ڈاکٹر بدر عبدالعاطی نے آئندہ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات پر بھی اتفاق کیا ہے۔ دونوں وزرائے خارجہ نیویارک میں آئندہ یو این جی اے اجلاس کے موقع پر ملاقات کریں گے۔

بقیہ 12

کے امور اور دوطرفہ تعاون کے فروغ سمیت سندھ اور ملائیشیا کے درمیان معاشی وتجارتی روابط مزید مستحکم کرنے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے محمد یونس ابراہیم کو ملائیشیا کے قونصل جنرل کی حیثیت سے تعیناتی پر مبارکباد دیتے ہوئے سندھ میں ان کا خیر مقدم کیا اور یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت کی جانب سے انہیں ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ سید مراد علی شاہ نے ملائیشین سرمایہ کاروں کو سندھ کی تیزی سے ابھرتی ہوئی مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ سندھ میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں، جبکہ صوبائی حکومت سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے پالیسیوں، بالخصوص پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت شروع کیے جانے والے منصوبوں سے صوبے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ مل رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ملائیشین سرمایہ کاروں کو سندھ میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کی ترغیب دی۔ ملائیشیا کے نئے قونصل جنرل محمد یونس ابراہیم نے وزیر اعلیٰ سندھ کی جانب سے خیر مقدم اور تعاون کی یقین دہانی پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے سندھ حکومت کی جانب سے سرمایہ کاری کے فروغ اور بالخصوص پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے اقدامات کو سراہا۔ ملاقات میں کراچی اور کوالالمپور کے درمیان براہ راست فضائی رابطے کے حوالے سے بھی اہم پیش رفت سامنے آئی۔ ملائیشین قونصل جنرل نے بتایا کہ کراچی سے کوالالمپور کے لیے براہ راست پروازوں کا آپریشن شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

بقیہ 13

خزانہ کے مطابق پنشنرز کو ہر 6 ماہ بعد نادرا کے ذریعے اپنی ڈیجیٹل تصدیق کرانا ہوگی، تصدیق نادرا پاک آئی ڈی ایپ یا مجاز نادرا مراکز سے کرائی جاسکے گی۔ وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ پنشن کی تصدیق کا پرانا کاغذی طریقہ مکمل طور پر ختم کردیا گیا ہے، جبکہ پنشن براہ راست پنشنر کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل ہوگی۔ نئے قواعد کے تحت پنشنرز کیلئے مارچ اور ستمبر میں مقررہ تصدیق کا پرانا شیڈول بھی ختم کردیا گیا ہے۔ اب ہر چھ ماہ بعد ڈیجیٹل تصدیق لازمی ہوگی۔ دستاویز کے مطابق بینک اب پنشنرز سے بائیومیٹرک تصدیق یا لائف سرٹیفکیٹ طلب نہیں کریں گے اور پنشن اکاؤنٹ کو ڈورمنٹ بھی نہیں کیا جائے گا۔ وزارت خزانہ کے مطابق اکاؤنٹ بند نہیں ہوگا اور تصدیق مکمل ہوتے ہی پنشن کی رقم منتقل کردی جائے گی

بقیہ 14

شہید کر دیے۔ فلسطینی وزارت صحت کے مطابق رواں سال مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلیوں کے ہاتھوں 100 فلسطینی شہید ہوچکے ہیں۔ فلسطینی میڈیا کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اسرائیلی فوج نے طولکرم میں گھروں پر چھاپے مارے اور 6 فلسطینیوں کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ 15

کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر زرتاج گل، صاحبزادہ حامد رضا اور عبداللطیف کو نااہل قرار دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن نے سابق ارکان قومی اسمبلی کو نااہل قرار دینے کا تحریری حکم نامہ بھی جاری کردیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق مالی سال 25-2024 کے اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر زرتاج گل، صاحبزادہ حامد رضا اور عبداللطیف کو نااہل قرار دے دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق گوشواروں کی تفصیلات جمع کرانے تک یہ سابق ارکان قومی اسمبلی نااہل ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق تینوں ارکان عام انتخابات، ضمنی الیکشن، سینیٹ اور مقامی حکومت کے انتخابات لڑنے کے لیے نااہل ہیں۔

بقیہ 16

زیتون بی بی کو تقریباً نصف صدی بعد وراثتی جائیداد کے مقدمے میں حتمی ریلیف دیتے ہوئے مخالف فریق کی نظرثانی خارج کرنے کا حکم واپس لینے کی درخواست مسترد کردی۔ سپریم کورٹ نے زیتون بی بی کے حق میں 2022 کے فیصلے پر عملدرآمد کا حکم دیتے ہوئے عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کیا۔ فیصلہ جسٹس صلاح الدین پنہور نے تحریر کیا، جس میں قرار دیا گیا کہ فریقین اور وکلا اکثر عدالت کی مہربانی کو محض ضابطے کی رسمی کارروائی سمجھتے ہیں تاہم عدالتی احکامات کی سنجیدگی اور تقدس کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ فیصلے کے مطابق نظرثانی کیس میں 4 مارچ 2024 کو مشروط التوا دیا گیا تھا، 12 ستمبر کو ہونے والی اگلی سماعت پر دوبارہ التوا مانگا گیا، جس پر عدم پیروی کی بنیاد پر نظرثانی درخواست خارج کردی گئی۔ عدالت نے قرار دیا کہ اب نظرثانی خارج کرنے کا فیصلہ واپس لینا 4 مارچ 2024 کا آرڈر واپس لینے کے برابر ہوگا، اس لیے مخالف فریق کی درخواست منظور نہیں کی جاسکتی۔

بقیہ 17

مسلسل چوتھے سیشن بھی اضافہ ہوا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق عالمی منڈی میں برینٹ خام تیل کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل کے قریب پہنچ گئی ہے۔ برینٹ خام تیل کے مستقبل کے سودوں کی قیمت 1.57 ڈالر، یعنی 1.6 فیصد اضافے کے بعد 99.49 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل کی قیمت بھی 1.60 ڈالر، یعنی 1.72 فیصد بڑھ کر 94.63 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔ تیل کی قیمتوں میں یہ اضافہ امریکا کے ایرانی ٹینکروں پر حملے اور اس کے جواب میں ایران کی جانب سے خلیج میں امریکی فوجی تنصیبات پر حملوں کے بعد ہوا۔ رپورٹ کے مطابق اگست کے آغاز سے اب تک برینٹ خام تیل کی قیمت میں تقریباً 25 فیصد اضافہ ہوچکا ہے۔

بقیہ 18

کارروائی جاری ہے۔ اپنے بیان میں سجاد حیدر نے کہا کہ افغان طلبا کی ویزا توسیع کی درخواستوں پر کارروائی جاری ہے، ویزا توسیع کی درخواستیں موجودہ پالیسی کے مطابق پراسیس کر رہے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ غیر ملکیوں کا قیام درست ویزا اور پاسپورٹ کے بغیر غیر قانونی ہے، بغیر ویزا قیام کرنے والے غیر ملکی کو ملک بدر کیا جائے گا۔

بقیہ 19

پشاور ہائیکورٹ میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ صوبے آزمائشی طور پر نہیں بننے چاہئیں، صوبوں کے حوالے سے جلد بازی سے کام نہیں لینا چاہیے ایسے اقدامات نہیں ہوں جس سے وفاق کو نقصان پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبوں کے حوالے سے جو بیان دیا اس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ہماری کور کمیٹی اور پولیٹیکل کمیٹی کا اجلاس بھی ہوا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب سے ہم نے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اپنے الفاظ واپس لے لیں، پاکستان کا بیانیہ یہ ہے دہشت گردی کے پیچھے ہندوستان اور را ہے ہم یہی کہتے ہیں کہ پاکستان کے دشمن کو سپورٹ نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ ذاتی اور سیاسی بیانات اپنی جگہ رکھیں، ملک کا امن و امان سب سے مقدم ہے، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو سندھ میں اسٹریٹ موومنٹ میں جو پذیرائی ملی ہے اس سے ہمارا حوصلہ بڑھا ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ عوام اب اسٹیٹس کو سے جان چھڑانا چاہتے ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ 27 ستمبر کو پرامن مارچ ہوگا یہ شوقیہ مارچ نہیں ہوگا اس میں انتشار نہیں ہوگا، سرکاری وسائل استعمال نہیں ہوں گے ہمارا لانگ مارچ پرامن ہوگا ہم ثابت کریں گے کہ ہم پرامن لوگ ہیں ہم توقع کرتے ہیں کہ مولانا فضل الرحمن اور تمام جوائنٹ اپوزیشن ہمارے ساتھ 27 ستمبر مارچ میں شامل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ عوام جمہوری طرز پر تبدیلی چاہتے ہیں جس میں تمام لوگوں کے حقوق محفوظ ہوں، نئے الیکشن ہوں صلح حدیبیہ کی طرح صلح پاکستان ہونا چاہیے جس میں سب کے حقوق محفوظ ہوں، تمام اسٹیک ہولڈرز اس میں شامل ہوں

بقیہ 20

مقامی حکومتوں کو منتقل کرنا ہوں گے۔ وہ بدھ کو انٹیگریٹڈ لینڈ اینڈ واٹر یوز پلاننگ کے حوالے سے قومی افتتاحی ورکشاپ اور ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کے آغاز سے خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اختیارات کی منتقلی مسئلہ نہیں بلکہ اس پر عملدرآمد کا دائرہ صوبائی سطح پر رک گیا ہے، 2010 میں اٹھارہویں آئینی ترمیم کے ذریعے صوبوں کو اہم اختیارات منتقل کیے گئے تاہم مقامی حکومتوں کو اسی تناسب سے اختیارات اور وسائل فراہم نہیں کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ اگر مقامی حکومت کو کوئی ذمہ داری تو دے دی جائے لیکن اس کے ساتھ اختیارات اور وسائل نہ ہوں تو وہ ذمہ داری بوجھ بن جاتی ہے، اختیارات صوبوں سے اضلاع اور بلدیاتی حکومتوں تک بھی منتقل ہونے چاہئیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کو ایسا ترقیاتی نظام تشکیل دینے کی ضرورت ہے جس میں وفاق اور صوبوں کے درمیان موثر رابطہ اور مقامی اداروں کو بااختیار بنایا جائے تاکہ قومی ترجیحات کو بہتر عوامی خدمات اور عملی نتائج میں تبدیل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام بالخصوص زراعت کے لیے انتہائی اہم ہے جو قومی معیشت، روزگار، غذائی تحفظ اور برآمدات کا اہم ذریعہ ہے۔ پاکستان اپنے زرعی وسائل کے باوجود سالانہ تقریباً 4 سے 5 ارب ڈالر کی زرعی مصنوعات درآمد کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو زرعی درآمدات پر انحصار ختم کرکے پیداواری صلاحیت میں اضافے اور زمین و پانی کے وسائل کے موثر استعمال کے ذریعے فوڈ ایکسپورٹنگ اکانومی بننا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے خبردار کیا کہ بے ہنگم شہری پھیلاؤ سے زرعی زمین کا تحفظ کیے بغیر یہ مقصد حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ زراعت اور خوراک ہوا میں نہیں اگتی، زراعت اور خوراک زمین پر اگتی ہے۔ انہوں نے سرگودھا کے کینو کے باغات، ملتان کے آم کے باغات اور گوجرانوالہ کے گردونواح میں اعلیٰ معیار کے باسمتی چاول پیدا کرنے والے علاقوں کو غیر منصوبہ بند شہری پھیلاؤ سے محفوظ بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 21

نے ٹیلی فون پر رابطہ کیا، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، بڑھتی ہوئی مہنگائی اور پٹرولیم لیوی کے خلاف جماعت اسلامی کی جانب سے جاری احتجاجی دھرنوں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گفتگو کے دوران امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے سینیٹر ایمل ولی خان کو پٹرولیم لیوی اور مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی کے احتجاجی دھرنوں میں شرکت کی دعوت دی، جسے سینیٹر ایمل ولی خان نے قبول کرتے ہوئے جماعت اسلامی کی اس عوامی کاوش کو سراہا۔ اس موقع پر سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا کہ مہنگائی، پٹرولیم مصنوعات پر بڑھتے ہوئے ٹیکس اور پٹرولیم لیوی کا مسئلہ کسی ایک جماعت کا نہیں بلکہ پوری قوم کا مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی شدید معاشی مشکلات کا شکار ہیں اور حکومتی پالیسیوں نے عام آدمی کی زندگی کو مزید دشوار بنا دیا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی نیشنل پارٹی ہر اس جدوجہد میں اپنا کردار ادا کرے گی جو عوام کے معاشی حقوق کے تحفظ، مہنگائی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے کی جائے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ عوامی مسائل کے حل اور مہنگائی کے خلاف تمام جمہوری قوتوں کو مشترکہ آواز بلند کرنی چاہیے تاکہ حکومت پر عوام دوست پالیسیاں اختیار کرنے کے لیے دباؤ ڈالا جاسکے۔ عوامی نیشنل پارٹی نے ملک میں جاری مہنگائی کی لہر پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر عوام کو ریلیف دینے کے لیے موثر اقدامات کرے۔

بقیہ 22

ملازمین کو بازیاب کرا لیا گیا ہے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق بازیاب ہونے والے افراد میں کمال خان مندوخیل اپوزئی اور خیال محمد کبزئی شامل ہیں جو بحفاظت اپنے گھر پہنچ گئے ہیں۔ واقعے کے بعد سے مقامی سطح پر تشویش کی لہر دوڑ گئی تھی تاہم بازیابی کی تصدیق کے بعد لواحقین اور علاقائی حلقوں نے سکون کا سانس لیا ہے۔

بقیہ 23

گیا ہے کہ خلیجی اور خطے کے رہنما دوبارہ ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات اور کشیدگی کم کرنے کی کوشش کر رہے تھے، ایک بار پھر حملوں اور جوابی کارروائیوں کے بڑھتے سلسلے پر متحرک ہوگئے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صورت حال میں نمایاں فوجی کشیدگی دیکھنے میں آئی۔ عرب میڈیا کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی حملوں کے جواب میں اردن کے الازرق فوجی اڈے پر تباہ کن میزائل حملہ کیا گیا ہے۔ ایرانی دعوے کے مطابق حملے میں ایف-35، ایف-16 اور ایف-15 جنگی طیاروں کی مرمت اور تعیناتی کے مراکز کو نشانہ بنایا گیا تاہم اردن کی فوج نے اس دعوے کے برعکس کہا ہے کہ اس نے 20 بیلسٹک میزائلز میں سے 18 کو فضا میں تباہ کردیا تھا جبکہ 2 میزائل کھلے علاقوں میں گرے جس سے کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔ پاسداران انقلاب نے مزید دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں امریکی بحریہ کے 2 جنگی جہازوں، 2 دیگر امریکی بحری جہازوں اور 8 تیل بردار ٹینکروں کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ عرب میڈیا کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ فریقین کے متضاد دعوں کے باوجود خطے میں صورت حال تیزی سے بگڑنے کے اشارے مل رہے ہیں اور آنے والے دنوں اور ہفتوں میں امریکا اور ایران کے درمیان مزید حملوں اور جوابی کارروائیوں کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔

بقیہ 24

ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، دہشت گرد اور ان کے سہولت کاروں کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، فتنہ الہندوستان دہشت گردوں کے نیٹ ورکس کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ اپنے بیان میں صدر مملکت نے واشک میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران 2.9 ٹن دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، فتنہ الہندوستان دہشت گردوں کے نیٹ ورکس کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کارروائی میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم 11 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی کو سراہا۔ وزیراعظم کی جانب سے خاران میں سڑک بلاک کرکے آمدورفت متاثر کرنے کی کوشش کو ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا گیا

بقیہ 25

کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) نے گندم کی درآمد کے لیے بین الاقوامی ٹینڈر جاری کردیا ہے۔ ٹی سی پی کی جانب سے جاری ٹینڈر کے مطابق درآمد کی جانے والی گندم تازہ ترین فصل سے حاصل شدہ ہونی چاہیے، جبکہ عالمی سپلائرز کی جانب سے کم از کم 50 ہزار میٹرک ٹن گندم کی پیشکش ہی قابل قبول قرار دی گئی ہے۔ ٹینڈر کی شرائط کے تحت درآمدی گندم کراچی اور گوادر کی بندرگاہوں پر سی ایف آر کی بنیاد پر پہنچائی جائے گی۔ گندم کی درآمد کے لیے خواہشمند عالمی سپلائرز اپنی بولیاں 16 ستمبر 2026 تک جمع کرا سکیں گے، جبکہ موصول ہونے والی بولیاں بھی اسی روز کھولی جائیں گی۔ ٹی سی پی کے مطابق درآمد کی جانے والی گندم صوبوں کی طلب اور ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے تقسیم کی جائے گی۔ مجموعی طور پر سندھ کے لیے 3 لاکھ میٹرک ٹن، پنجاب کے لیے 2 لاکھ 50 ہزار میٹرک ٹن جبکہ خیبر پختونخوا کے لیے 2 لاکھ میٹرک ٹن گندم مختص کی گئی ہے۔ سندھ کو سب سے زیادہ 3 لاکھ میٹرک ٹن گندم فراہم کی جائے گی، جس کا مقصد صوبے میں گندم کی طلب اور دستیابی کے درمیان فرق کو کم کرنا اور مقامی ضرورت پوری کرنے میں مدد دینا ہے۔ اقتصادی سروے 26-2025 کے اعداد و شمار کے مطابق ملک میں گندم کی سالانہ کھپت تقریباً 3 کروڑ 13 لاکھ ٹن ہے، جبکہ گزشتہ مالی سال گندم کی مجموعی پیداوار 2 کروڑ 96 لاکھ 10 ہزار ٹن رہی۔ یوں ملکی پیداوار اور سالانہ کھپت کے درمیان نمایاں فرق موجود ہے، جسے پورا کرنے کے لیے حکومت نے گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ 26

انتہائی کھلی قرار دیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق یوری اوشاکوف نے بتایا کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان گفتگو ایک گھنٹے تک جاری رہی۔ اس دوران صدر پیوٹن نے واضح کیا کہ روس کے یورپی ممالک کے خلاف کوئی جارحانہ عزائم نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یورپی ممالک کے خلاف روسی خطرے سے متعلق قیاس آرائیاں دراصل یوکرین کے لیے حمایت بڑھانے اور اپنے دفاعی اخراجات میں اضافے کے لیے استعمال کی جارہی ہیں۔ کریملن کے معاون کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوکرین تنازع کے خاتمے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ تنازع کے خاتمے سے روس اور امریکا کے تعلقات کی مکمل بحالی کے لیے وسیع اور امید افزا امکانات پیدا ہوں گے۔ دونوں رہنماؤں نے انسانی بنیادوں پر مسائل کے حل کے لیے کوششیں جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا، جن میں زیر حراست اور سزا یافتہ افراد کا تبادلہ بھی شامل ہے۔ یوری اوشاکوف نے مزید تفصیلات بتانے سے گریز کرتے ہوئے کہا کہ دونوں صدور کے درمیان ہونے والی گفتگو مکمل طور پر خفیہ تھی۔

بقیہ 27

ٹرانسپورٹ کے شعبے میں بہتری اور شہریوں کو محفوظ، جدید اور بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے متعدد اقدامات کیے گئے ہیں۔ سندھ اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے شرجیل انعام میمن نے کہا کہ چھوٹی ویگنز اور ویز کے حوالے سے حکومت سندھ نے اہم فیصلے کیے ہیں، جن میں ان گاڑیوں میں سی این جی اور ایل پی جی کٹس کے استعمال پر پابندی بھی شامل ہے تاکہ ممکنہ حادثات سے شہریوں کو محفوظ رکھا جاسکے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ گاڑیاں بین الاضلاعی اور اندرون شہر سفر کے ساتھ اسکول جانے والے بچوں کی آمدورفت کیلئے بھی استعمال ہوتی ہیں، اس لیے ان کی حفاظت حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ صوبائی وزیر نے بتایا کہ تمام متعلقہ گاڑیوں کیلئے فٹنس سرٹیفکیٹ لازمی قرار دیا گیا ہے جبکہ ڈیجیٹل فٹنس سرٹیفکیٹ اور روٹ پرمٹ کا نظام بھی متعارف کرایا گیا ہے۔ ان کے مطابق ماضی میں گاڑیوں کا ریکارڈ دستی طور پر رکھا جاتا تھا اور روٹ پرمٹ سمیت دیگر دستاویزات کا مکمل ریکارڈ دستیاب نہیں ہوتا تھا، تاہم گزشتہ ایک سال کے دوران پورے نظام کو ڈیجیٹلائز کردیا گیا ہے۔ شرجیل میمن نے دعویٰ کیا کہ سندھ پاکستان کا پہلا صوبہ ہے جہاں ٹرانسپورٹ فٹنس اور روٹ پرمٹ کے نظام کو ڈیجیٹل بنانے کا عمل شروع کیا گیا، جو ایک بڑا اور انقلابی اقدام ہے

بقیہ 28

جانے والی ترسیلات زر میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اگست 2026ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی مد میں پاکستان کو 3.7 ارب امریکی ڈالر موصول ہوئے، جو گزشتہ سال کے اسی ماہ کے مقابلے میں 16.5 فیصد زیادہ ہیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق اگست 2026ء میں بیرون ملک پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی گئی ترسیلات زر میں جولائی 2026ء کے مقابلے میں بھی 0.7 فیصد اضافہ ہوا۔ یوں بیرون ملک پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلات زر کی آمد میں مسلسل بہتری کا رجحان برقرار رہا۔ مرکزی بینک کے مطابق جولائی اور اگست 2026ء پر مشتمل رواں مالی سال 27-2026ء کے ابتدائی دو ماہ کے دوران مجموعی طور پر 7.3 ارب ڈالر کی ترسیلات زر پاکستان موصول ہوئیں، جبکہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں یہ حجم 6.4 ارب ڈالر تھا۔ اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال کے ابتدائی دو ماہ میں ترسیلات زر کی مجموعی آمد گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 14.7 فیصد زیادہ رہی

بقیہ 29

250 روپے کلو میں دستیاب ہے، پشاور میں پیاز کی قیمت فی کلوگرام 280 سے 300 روپے تک پہنچ گئی ہے، پشاور میں 20 کلو مکس آٹے کا تھیلا 3 ہزار روپے میں فروخت کیا جا رہا ہے، 20 کلو فائن آٹے کے تھیلے کی قیمت 3 ہزار 200 روپے ہے۔ رپورٹ کے مطابق لاہور میں سبزیوں، پھلوں، دالوں، گوشت اور چکن کی قیمتیں عوام کی پہنچ سے باہر ہوگئیں۔ لاہور میں ٹماٹر 300 سے 350 روپے کلو میں فروخت کیا جارہا ہے، مٹن بازار میں 3200 سے 3500 روپے فی کلو میں فروخت ہورہا ہے، چکن، انڈے، تیل اور گھی کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ 30

کارروائیاں 6 اور 7 ستمبر کو فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 6 ستمبر کو دہشتگردوں نے خاران میں سڑک بلاک کرکے ٹریفک معطل کرنے کی کوشش کی، جس پر سیکیورٹی فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کا گھیراؤ کیا، فائرنگ کے تبادلے میں 8 بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گرد ہلاک کردیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 7 ستمبر کو واشک کے علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا۔ کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی پناہ گاہ کو موثر انداز میں تباہ کردیا جبکہ فائرنگ کے تبادلے کے بعد مزید 3 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائیوں کے دوران سیکیورٹی فورسز نے 2.9 ٹن دھماکہ خیز مواد بھی برآمد کیا، جو دیسی ساختہ بم (آئی ای ڈی) بنانے میں استعمال کیا جارہا تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 31

مشترکہ بیان میں اسرائیلی غیر قانونی بستیوں سے منسلک خدمات پر برطانوی پابندیوں کا بھی خیرمقدم کرتے ہوئے عالمی برادری سے غیر قانونی اسرائیلی بستیوں کے خلاف ایسے ہی اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ آٹھ ممالک نے کہا کہ غیر قانونی اسرائیلی بستیوں میں سرگرم تنظیموں اور افراد کا احتساب کیا جائے، جبکہ غیر قانونی بستیوں سے تجارت پر پابندیوں کے لیے عالمی برادری ٹھوس اقدامات کرے۔ اعلامیے کے مطابق اسرائیلی آبادکاری کی سرگرمیاں بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی ہیں۔ سلامتی کونسل کی قرارداد 2334 اور عالمی عدالت انصاف کی رائے بھی اسرائیلی قبضے کو غیر قانونی قرار دیتی ہے۔ مشترکہ بیان میں مطالبہ کیا گیا کہ اسرائیل مقبوضہ فلسطینی علاقوں کی جغرافیائی اور آبادیاتی حیثیت تبدیل کرنے کے اقدامات واپس لے۔ آٹھ ممالک نے کہا کہ غزہ مقبوضہ فلسطینی علاقے کا لازمی حصہ ہے، جبکہ غزہ تنازع ختم کرنے کے لیے صدر ٹرمپ کے جامع امن منصوبے پر مکمل اور فوری عملدرآمد کیا جائے، غزہ میں سیکیورٹی، استحکام، انسانی امداد اور تعمیر کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ دیرپا اور جامع امن کا واحد قابل عمل راستہ دو ریاستی حل ہے، 4 جون 1967 کی سرحدوں پر آزاد، خودمختار اور قابل عمل فلسطینی ریاست قائم کی جائے جبکہ مشرقی یروشلم کو آزاد فلسطینی ریاست کا دارالحکومت بنایا جائے۔

بقیہ 32

منظوری کے بعد نیپرا نے ایک ہفتے کے دوران دوسری بار بجلی مہنگی کرنیکا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے، نیپرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی 52 پیسے فی یونٹ مہنگی کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی رواں سال کی دوسری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت مہنگی کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی صارفین پر 12 ارب 67 کروڑ روپیکا اضافی بوجھ پڑے گا۔ بجلی صارفین سے ستمبر، اکتوبر اور نومبر کے بلوں میں اضافہ وصول کیا جائیگا۔ نیپرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق صارفین سے 3 ماہ تک ہر ماہ 52 پیسے فی یونٹ اضافہ وصول کیا جائیگا۔ اضافے کا اطلاق کے الیکٹرک سمیت ملک بھر کے صارفین پر ہوگا۔ خیال رہے کہ ایک ہفتے کے دوران بجلی کی قیمت میں یہ دوسری بار اضافہ کیا گیا ہے۔ 4 ستمبر کو نیپرا نے ماہانہ ایڈجسٹمنٹ میں بجلی 2 روپے 6 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنیکا اعلان کیا تھا۔

بقیہ 33

شاہ، قیصر عباس اور ثاقب میراج کے نام شامل ہیں، ان کے ساتھ ملک شکیل، ذیشان محسن اور دانیال کیانی کے نام بھی ملاقات کی فہرست میں شامل کیے گئے ہیں۔ ملاقات کی فہرست میں شامل رہنما کل بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے اڈیالہ جیل آئیں گے۔

بقیہ 34

پروفیشنز کی نگرانی کا موجودہ نظام تبدیل کردیا ہے، افسران کے نئے دائرہ اختیار کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے، نئے نظام کے تحت اب منی لانڈرنگ ہو یا دہشتگردی کی مالی معاونت، پیسہ کہاں سے آرہا ہے، کہاں جارہا ہے اور کس مقصد کے لیے استعمال ہورہا ہے، اس سب کی نگرانی ہوگی۔ ڈی جی ڈی این ایف بی پیز کو پورے پاکستان میں نگرانی کے اختیارات حاصل ہوں گے جبکہ ڈائریکٹر، ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈپٹی یا اسسٹنٹ ڈائریکٹر اور انسپکٹرز کو بھی نگرانی کی ذمہ داریاں تفویض کردی گئی ہیں، سونا چاندی کے تاجر، وکلا اور ڈاکٹرز اور اکاؤنٹ سمیت دیگر شعبے زد میں آئیں گے۔ مختلف شہروں اور علاقوں کے لیے افسران کے اختیارات اور ذمہ داریاں واضح کردی گئیں، اسلام آباد میں ایل ٹی او اسلام آباد، آر ٹی او راولپنڈی اور گلگت بلتستان سے متعلق کیسز نگرانی کے دائرے میں ہوں گے۔ کراچی میں ایل ٹی او کراچی، کارپوریٹ ٹیکس دفاتر اور متعلقہ آر ٹی اوز کے ڈی این ایف بی پیز کیسز شامل ہوں گے۔ لاہور کے دائرہ اختیار میں لاہور کے ساتھ سیالکوٹ، گجرانوالہ، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، ساہیوال اور بہاولپور کے کیسز بھی شامل کر دیے گئے ہیں۔ کوئٹہ میں آر ٹی او کوئٹہ کے دائرہ اختیار والے کیسز جبکہ خیبر پختونخوا میں پشاور اور ایبٹ آباد کے آر ٹی اوز کے تحت آنے والے کیسز کی نگرانی کی جائے گی۔ ایف بی آر نے نگرانی کی ذمہ داریاں مختلف افسران میں تقسیم کردی ہیں تاہم ضرورت پڑنے پر کسی بھی افسر کو مخصوص چارج کی ذمہ داری سونپی جاسکے گی۔

بقیہ 35

کے احتجاج کے کیس کی سماعت کے دوران وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے سہیل آفریدی، جنید اکبر اور دیگر کے وارنٹ گرفتاری برقرار رکھتے ہوئے پیش نہ ہونے والے ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ عدالت نے ملزمان کی جانب سے دائر حاضری سے استثنیٰ کی درخواستیں بھی مسترد کردیں جبکہ وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی اور دیگر کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی جاری رکھنے کا فیصلہ کیا۔ عدالت نے پولیس کو سہیل آفریدی اور دیگر ملزمان کا چالان جلد پیش کرنے کی بھی ہدایت کر دی، بعد ازاں کیس کی سماعت 30 ستمبر تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی اور دیگر کے خلاف مقدمہ تھانہ مارگلہ میں درج ہے۔

بقیہ 36

نے اس وقت معذرت کی، اب حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے لیے تجاویز طلب کی ہیں، ہم مذاکرات میں سنجیدہ ہیں اور عوام کو ریلیف دینے کے لیے اپنی تجاویز حکومت کو دے رہے ہیں، پٹرولیم لیوی ختم نہ کی گئی اور حکومت مذاکرات میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کرتی تو 10 ستمبر کی رات آئندہ دھرنے کا اعلان کیا جائے گا، 10 ستمبر کے مذاکرات کے نتائج دیکھ کر اسلام آباد مارچ کا فیصلہ کریں گے۔ ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ جماعت اسلامی کے دھرنے ملک بھر میں 25 ویں روز میں داخل ہوگئے ہیں اور کراچی سمیت 32 مقامات پر احتجاج جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ گورنر ہاؤس پر گزشتہ روز بڑی تعداد میں عوام موجود تھے جبکہ آج خواتین کا تاریخی جلسہ ہوگا۔ 11 ستمبر کو گوجرانوالہ اور 12 ستمبر کو اسلام آباد میں خواتین کے بڑے اجتماعات منعقد کیے جائیں گے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات پر عائد ٹیکسز عوام کے لیے بڑا مسئلہ ہیں، پٹرولیم لیوی کا عالمی مارکیٹ کی قیمتوں سے براہ راست تعلق نہیں بلکہ یہ حکومت کی نااہلی اور غلط معاشی پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی ٹیکنیکل کمیٹی نے حکومت کو لیوی کے خاتمے کے لیے 7،6 اہم نکات پر مشتمل سفارشات پیش کردی ہیں، حکومت اور جماعت اسلامی کی کمیٹی کا پہلا اجلاس بھی دو روز قبل ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اسمبلی سے پٹرولیم لیوی کے خلاف قرارداد منظور ہونا خوش آئند ہے، قرارداد فوری طور پر وفاقی حکومت کو مضبوط سفارشات کے ساتھ بھیجی جائے۔ پیپلز پارٹی کے ساتھ ہمارے اختلافات اپنی جگہ ہیں تاہم عوامی مفاد کے اس اہم مسئلے پر پیپلز پارٹی کو وفاقی حکومت سے پٹرولیم لیوی ختم کرنے کے لیے بات کرنی چاہیے۔ ضرورت پڑی تو اس مقصد کے لیے سیاسی قیادت سے بھی رابطہ کریں گے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ آئی پی پیز کو بجلی پیدا کیے بغیر اربوں روپے ادا کیے گئے اور آئی پی پیز سے مذاکرات بھی جماعت اسلامی کی احتجاجی تحریک کا نتیجہ ہیں۔ احتجاج کبھی رائیگاں نہیں جاتا۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی پوری قوم کی طرف سے عوامی حقوق کی تحریک چلا رہی ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے خبردار کیا کہ اگر حکومت مذاکرات میں سنجیدہ نہ ہوئی اور عوامی مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو اسلام آباد کی جانب مارچ کریں گے۔ پٹرولیم لیوی ختم نہ کی گئی تو 10 ستمبر کی رات آئندہ دھرنے کے حوالے سے اعلان کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ 10 ستمبر کے مذاکرات کے نتائج دیکھنے کے بعد اسلام آباد مارچ کے حوالے سے فیصلہ کیا جائے گا اور اس سلسلے میں دیگر اپوزیشن جماعتوں سے بھی مشاورت کریں گے۔ انہوں نے مہنگائی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی نے غریب اور مڈل کلاس طبقے کو شدید متاثر کیا ہے، مڈل کلاس معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور اسے تباہ کیا جارہا ہے

بقیہ 37

پر سماعت 19 ستمبر تک ملتوی کردی گئی۔ ایڈیشنل جج یلماز غنی نے دعوے کی سماعت کی تاہم بانی پی ٹی آئی کے وکیل کی درخواست کا جواب داخل نہ ہونے کے باعث مزید کارروائی نہ ہوسکی۔ عدالت میں مدعی وزیراعظم شہباز شریف کے وکیل بیماری کے باعث پیش نہ ہوسکے جبکہ عدالت نے مدعی کے وکلا سے بانی پی ٹی آئی کے وکیل کی درخواست پر جواب مانگ رکھا تھا جو آج داخل نہ ہوسکا۔ واضح رہے کہ بانی پی ٹی آئی کے وکیل نے جیل میں ملاقات کی درخواست بھی دے رکھی ہے۔

بقیہ 38

خریدنے میں ناکام ہوگیا، تازہ ترین ٹینڈر میں کسی بھی عالمی کمپنی کی جانب سے بولی جمع نہ کرائے جانے کے باعث ایل این جی کی درآمد کا معاملہ ایک بار پھر تعطل کا شکار ہوگیا۔ پاکستان ایل این جی لمیٹڈ (پی ایل ایل) کے ذرائع کے مطابق 12 سے 16 ستمبر کے دوران ترسیل کے لیے ایک ایل این جی کارگو کی خریداری کی غرض سے عالمی کمپنیوں سے بولیاں طلب کی گئی تھیں، جس کی آخری تاریخ 8 ستمبر مقرر تھی، تاہم مقررہ وقت تک کوئی بولی موصول نہیں ہوئی۔ ذرائع کے مطابق یہ ستمبر کے دوران ایل این جی کارگو کی خریداری کے لیے جاری کیا جانے والا تیسرا ٹینڈر تھا۔ اس سے قبل جاری کیے گئے دونوں ٹینڈرز بھی مطلوبہ قیمت پر ایل این جی حاصل نہ ہونے کے باعث منسوخ کیے جاچکے ہیں۔ پی ایل ایل کو 4 سے 8 ستمبر کی ترسیل کے لیے صرف ایک بولی موصول ہوئی تھی، جس میں ایل این جی کی قیمت 26.96 ڈالر فی ملین برٹش تھرمل یونٹ طلب کی گئی تھی۔ اسی طرح 8 سے 12 ستمبر کی ترسیل کے لیے 2 بولیاں موصول ہوئیں، جن میں پہلی 26.71 ڈالر اور دوسری 26.98 ڈالر فی ملین برٹش تھرمل یونٹ تھی۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ دونوں ٹینڈرز میں موصول ہونے والی بولیاں قیمت کے اعتبار سے انتہائی مہنگی ہونے کے باعث حکومت نے انہیں مسترد کردیا تھا۔ تازہ ترین ٹینڈر میں کسی بھی عالمی سپلائر کی جانب سے بولی نہ آنے کے بعد پاکستان کے لیے ستمبر میں مطلوبہ ایل این جی کارگو کے حصول کا معاملہ مزید پیچیدہ ہوگیا ہے۔ ایل این جی ملک میں بجلی کی پیداوار سمیت توانائی کی ضروریات پوری کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ذرائع کے مطابق عالمی مارکیٹ میں ایل این جی کی قیمتوں، سپلائی کی صورتحال اور دیگر عوامل کے باعث پاکستان کو کارگو کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے۔ حکام کی جانب سے صورتحال کا جائزہ لیا جارہا ہے اور توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا جائے گا۔ تازہ ٹینڈر میں بولی نہ آنے اور اس سے قبل مہنگی بولیوں کے باعث 2 ٹینڈرز منسوخ ہونے کے بعد ایل این جی کی بروقت دستیابی اور بجلی کی پیداوار کے لیے گیس کی ضروریات پوری کرنا متعلقہ حکام کے لیے اہم چیلنج بن گیا ہے۔

بقیہ 39

کردی گئی ہے۔ کمیٹی ایک ہفتے کے اندر اپنی رپورٹ ایوان میں پیش کرے گی۔ اجلاس میں سندھ آبکاری ایکٹ ترمیمی بل 2026ء اور صوبائی موٹر وہیکل آرڈیننس 1965ء میں ترمیم سے متعلق بل بھی پیش کیے گئے، جنہیں ایوان نے منظور کرلیا۔ سندھ اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر نوید انتھونی کی زیر صدارت شروع ہوا۔ کارروائی کے آغاز پر ایم کیو ایم کے رکن نجم مرزا نے کورم کی نشاندہی کی، اس وقت ایوان میں ارکان کی تعداد کم ہونے کے باعث اجلاس کچھ دیر کے لیے ملتوی کردیا گیا، تاہم بعد ازاں مطلوبہ کارروائی دوبارہ شروع کردی گئی۔ کارروائی کے دوران وزیر قانون و پارلیمانی امور ضیاء الحسن لنجار نے صدر اجلاس سے پارلیمانی سیکرٹری بلدیات سراج قاسم سومرو کو سندھ لوکل گورنمنٹ ترمیمی بل 2026ء پیش کرنے کی اجازت دینے کی درخواست کی، جس کی منظوری کے بعد بل ایوان میں پیش کیا گیا۔ اس موقع پر اجلاس کی صدارت کرنے والے ڈاکٹر سکندر شورو نے بل پر مزید غور کے لیے 12 رکنی کمیٹی قائم کردی، جس میں وزیر قانون ضیاء لنجار سمیت حکومت اور اپوزیشن کی پارلیمانی پارٹیوں کے ارکان شامل ہیں۔ مجوزہ ترمیمی قانون کے تحت میئر اور چیئرمین اپنی مدت مکمل ہونے کے بعد بھی ایڈمنسٹریٹر کی حیثیت سے فرائض انجام دیتے رہیں گے۔ ڈپٹی میئر اور وائس چیئرمین متعلقہ کونسل کے کنوینر ہوں گے اور کونسل کے اجلاسوں کی صدارت بھی کریں گے۔ مسودے میں تجویز دی گئی ہے کہ بلدیاتی انتخابات کا عمل کونسل کی مدت مکمل ہونے سے 120 روز قبل شروع کیا جائے گا۔ اگر مقررہ مدت میں انتخابات نہ ہوسکیں تو میئر اور چیئرمین ایڈمنسٹریٹر کی حیثیت سے کام جاری رکھ سکیں گے۔ مجوزہ بل میں چیئرمین اور وائس چیئرمین کے خلاف تحریک عدم اعتماد کے لیے دو تہائی اکثریت کی شرط بھی رکھی گئی ہے، جبکہ براہ راست منتخب بلدیاتی نمائندوں کے لیے احتساب کا نظام وضع کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ مسودے کے مطابق کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کا چیف ایگزیکٹو میٹروپولیٹن کمشنر ہوگا۔ ترمیمی قانون میں یونین، میونسپل اور ٹاؤن کی سطح پر مصالحتی فورم قائم کرنے کی تجویز بھی شامل ہے۔ اس فورم کا مقصد مقامی سطح پر کمیونٹی کے تنازعات کو باہمی مشاورت سے حل کرنا ہوگا۔ مجوزہ نظام کے تحت متعلقہ تھانے کا ایس ایچ او یونین کونسل کے چیئرمین سے رابطے میں رہے گا، جبکہ مصالحتی فورم میں ایس ایچ او اور چیئرمین کا کردار بھی متعین کیا جائے گا۔ اجلاس میں سندھ آبکاری ایکٹ ترمیمی بل 2026ء اور صوبائی موٹر وہیکل آرڈیننس 1965ء میں ترمیمی بل وزیر قانون ضیاء الحسن لنجار نے پیش کیے، جنہیں ایوان نے منظور کرلیا۔ وزیر ایکسائز مکیش کمار چاولہ نے موٹر وہیکل آرڈیننس میں ترمیم کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ اس کا تعلق کار ڈیلرز اور شورومز میں کھڑی گاڑیوں سے ہے۔ پہلے ایک ماہ کے اندر گاڑی رجسٹرڈ نہ ہونے پر جرمانہ عائد کیا جاتا تھا، تاہم نئی ترمیم کے بعد شوروم میں کھڑی گاڑی پر چھ ماہ تک جرمانہ عائد نہیں ہوگا، جبکہ گاڑی سڑک پر لانے کے بعد جرمانہ عائد کیا جاسکے گا۔ اجلاس میں مختلف ارکان کی جانب سے عوامی اہمیت کے حامل توجہ دلاؤ نوٹس بھی پیش کیے گئے۔ جماعت اسلامی کے رکن محمد فاروق نے شاہ فیصل کالونی اور گرین ٹاؤن میں کھلے برساتی نالوں کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ یہ نالے کسی بھی وقت حادثے کا سبب بن سکتے ہیں اور رواں سال بھی کچرے سے بھرے ہوئے ہیں۔ پارلیمانی سیکریٹری بلدیات سراج قاسم سومرو نے جواب دیا کہ نالوں کی دیکھ بھال کی ذمہ داری کے ایم سی کی ہے، بعض حصوں کی مرمت کرائی جاچکی ہے جبکہ باقی حصوں کی بھی مرمت کرائی جائے گی۔ ایم کیو ایم کے رکن عامر صدیقی نے جامعہ بنوریہ کے سامنے کچرے کے ڈھیر کا معاملہ اٹھاتے ہوئے کہا کہ کچرا اٹھوانے کے لیے اسمبلی ارکان کو متعلقہ حکام سے بار بار رابطہ کرنا پڑتا ہے۔ سراج قاسم سومرو نے جواب دیتے ہوئے حکومت سندھ کی جانب سے بلدیاتی نمائندوں کو باقاعدگی سے فنڈز جاری کرنے کا دعویٰ کیا اور کہا کہ بلدیاتی انتخابات کے موقع پر اپوزیشن جماعتوں سے انتخابات میں حصہ لینے کی اپیل کی گئی تھی۔ ایم کیو ایم کے رکن محمد وسیم نے اپنے حلقے میں پانی کی قلت اور بجلی کی عدم دستیابی کا معاملہ بھی اٹھایا۔ ان کا کہنا تھا کہ کراچی بھر میں پانی کا مسئلہ موجود ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری بلدیات نے یقین دہانی کرائی کہ متعلقہ محکمے کے افسران انہیں بریفنگ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں پانی کا مسئلہ مستقل بنیادوں پر اس وقت تک حل نہیں ہوگا جب تک کے فور منصوبہ مکمل نہیں ہوجاتا۔ اجلاس کے دوران خواتین ارکان سے متعلق اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی کے سابقہ ریمارکس بھی زیر بحث آئے۔ پیپلز پارٹی کی رکن سعدیہ جاوید نے مطالبہ کیا کہ خواتین ارکان کے لباس سے متعلق دیے گئے ریمارکس واپس لیے جائیں اور ایوان میں معذرت کی جائے۔ صوبائی وزیر ترقی نسواں شاہینہ شیر علی اور پیپلز پارٹی کی سمیتا افضال نے بھی مطالبے کی حمایت کی۔ علی خورشیدی نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپوزیشن اور حکومتی بنچوں پر موجود تمام خواتین ارکان کو اپنی بہنوں کا درجہ دیتے ہیں۔ اگر ان کی کسی بات سے خواتین ارکان کی دل آزاری ہوئی ہے تو وہ معذرت کرنے میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتے۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ گفتگو کا مقصد خواتین ارکان کے لباس پر تنقید نہیں بلکہ ان ارکان کی جانب اشارہ تھا جو ایوان میں ویڈیوز بناتے ہیں۔ محکمہ محنت سے متعلق وقفہ سوالات کے دوران صوبائی وزیر محنت سعید غنی نے ارکان کے تحریری اور ضمنی سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہا کہ کسی صنعتی ادارے میں حادثہ پیش آنے کی صورت میں محکمہ متعلقہ ادارے کی اطلاع کا انتظار نہیں کرتا بلکہ ازخود فوری کارروائی کی جاتی ہے۔ سعید غنی نے بتایا کہ محکمہ محنت کے اسکولوں میں 9 ہزار سے زائد بچوں کو تعلیم دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مزدوروں کے بچوں کو یونیفارم اور جوتے فراہم کیے جاتے تھے، تاہم اب مزدوروں کے بچوں کو براہ راست 10 ہزار روپے فراہم کیے جارہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ سیکریٹری کے دور میں مزدوروں کو حج پر نہیں بھیجا گیا، تاہم رواں سال یہ سلسلہ شروع کیا جارہا ہے۔ وزیر محنت نے کہا کہ بعض افسران کے خلاف تادیبی کارروائی کی گئی، تاہم عدالتی احکامات کے باعث بعض افسران دوبارہ عہدوں پر بحال ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کی رجسٹریشن میں فیکٹری مالکان کی جانب سے اصل تعداد سے کم ملازمین ظاہر کرنے کا مسئلہ بھی موجود ہے، جس کے حل کے لیے مختلف تجاویز زیر غور ہیں۔ سعید غنی نے اعتراف کیا کہ لیبر کارڈ پر مکمل عمل درآمد نہیں ہوسکا، تاہم اس سلسلے میں نادرا کے ساتھ معاہدہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وبا کے دوران ملک کے دیگر حصوں کے مقابلے میں سندھ کے پاس مزدوروں کا ڈیٹا موجود تھا

بقیہ 40

سروس (PAS) کے افسر حمود الرحمن کی بلوچستان میں خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں یادگاری شیلڈ پیش کی۔ حمود الرحمن نے بلوچستان میں اپنی تعیناتی کے دوران مختلف تفویض کردہ ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، انتظامی امور میں موثر کردار اور ذمہ داریوں کی ذمہ دارانہ انجام دہی کو سراہتے ہوئے کہا کہ حمود الرحمن نے بلوچستان میں خدمات کے دوران سرکاری امور کی انجام دہی میں قابل قدر کردار ادا کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ افسران کی پیشہ ورانہ قابلیت، محنت اور ذمہ داری کا احساس انتظامی نظام کی بہتری اور عوامی خدمت کے عمل کو موثر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے حمود الرحمن کے لیے پنجاب میں نئی ذمہ داریوں پر نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی کامیابی کے لیے دعا کی اس موقع پر حمود الرحمن نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں خدمات انجام دینا ان کے لیے ایک اہم اور یادگار پیشہ ورانہ تجربہ رہا۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ کی جانب سے انتظامی امور میں فراہم کردہ معاونت، رہنمائی اور حوصلہ افزائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ کی سرپرستی میں انہیں اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں انجام دینے کا بھرپور موقع ملا حمود الرحمن نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ بلوچستان میں تعیناتی کے دوران حاصل ہونے والا تجربہ ان کے پیشہ ورانہ سفر کا اہم حصہ رہے گا۔

بقیہ 41

ارکان اسمبلی کو احتجاج کے لیے پانچ، پانچ لاکھ روپے فنڈز جمع کرنے اور کارکنوں کو متحرک کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا دورہ پنجاب بھی احتجاج کی تیاریوں کے باعث ملتوی کر دیا گیا ہے۔ پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق سینٹرل پنجاب کے 10 اضلاع سے تعلق رکھنے والے ارکان اسمبلی اور کارکن لاہور میں جمع ہوں گے جبکہ صورتحال کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا کہ کارکن لاہور میں احتجاج کریں گے یا انہیں اسلام آباد بلایا جائے گا

بقیہ 42

اعلامیے کے مطابق غیر فعال، منسوخ یا زیر استعمال نہ رہنے والی سمز سے منسلک واٹس ایپ اکاؤنٹس بلاک کر دیئے جائیں گے، غیر فعال موبائل نمبرز سے منسلک واٹس ایپ اکاؤنٹس غیر قانونی سرگرمیوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ غیر فعال سمز سے منسلک بعض واٹس ایپ اکاؤنٹس فراڈ اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کیلئے استعمال ہوتے ہیں، واٹس ایپ پر موبائل نمبر بروقت تبدیل کرنے سے صارفین اپنے اکاؤنٹس پر کنٹرول برقرار رکھ سکیں گے۔ بیان کے مطابق غیر فعال سمز سے منسلک واٹس ایپ اکاؤنٹس بلاک کرنے کی کارروائی کسی بھی وقت شروع ہوسکتی ہے، صارفین اپنے واٹس ایپ اکاؤنٹس کو موجودہ اور فعال موبائل نمبرز کے ساتھ منسلک کریں، موبائل نمبر تبدیل کرنے والے صارفین واٹس ایپ کا نمبر تبدیل کرنے کا آپشن فوری استعمال کریں۔

بقیہ 43

کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ 2 فائر فائٹرز نے مجھے ایک غیر مستحکم عمارت کے قریب سے جان بچانے کے لیے نکالا تھا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وائٹ ہاؤس میں ایک تقریب کے دوران امریکی صدر نے کہا کہ مجھے خدشہ تھا کہ عمارت مجھ پر آ گرے گی، جس پر 2 مضبوط فائر فائٹرز نے مجھے بازوؤں سے پکڑا اور وہاں سے نکلنے کو کہا۔ امریکی میڈیا کے مطابق ٹرمپ کا یہ بیان 9/11 حملوں کے بعد اپنے کردار سے متعلق ایک ایسے بیانیے کی نئی شکل ہے جو وہ گزشتہ برسوں کے دوران مختلف انداز میں بیان کرتے رہے ہیں۔

بقیہ 44

سفری مسائل سے متعلق دائر آئینی درخواست کی سماعت کرتے ہوئے متعلقہ صوبائی محکموں کو متعدد اہم ہدایات جاری کردیں۔ سماعت کے دوران درخواست گزاران کی جانب سے شرمین رحمان اور انعم خیر ایڈووکیٹس، جبکہ درخواست گزاروں/مداخلت کاروں کی جانب سے علی احمد کرد، محمد عثمان یوسفزئی، بی کے مروت اور عبدالجبار بگٹی ایڈووکیٹس پیش ہوئے۔ محمد فرید ڈوگر ایڈیشنل اٹارنی جنرل، ظہور بلوچ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل، سیکرٹری محکمہ ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ، سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ نعمت ترین، پروجیکٹ ڈائریکٹر بلوچستان ٹریفک انجینئرنگ بیورو محمد صابر، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر سلمان خان ترین، ایم سی کیو کے وکیل اظہار الحق ترین، کیوڈی اے کے وکیل محمد اکرم شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر اربن پلاننگ و ڈویلپمنٹ کلیم اللہ، چیف آف سیکشن پی اینڈ ڈی شکیل احمد اور ڈی ایس جوڈیشل محمد اختر بھی عدالت میں موجود تھے۔ الیکٹرک پبلک ٹرانسپورٹ اسکیم پر ایک ہفتے میں پیش رفت کی ہدایت۔ عدالت کو محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے بتایا گیا کہ الیکٹرک گاڑیوں کو پبلک ٹرانسپورٹ کے طور پر متعارف کرانے اور موٹر رکشوں کے متبادل کے طور پر استعمال کرنے کی اسکیم پر نظرثانی کی گئی ہے، جس کی مجموعی لاگت 595.720 ملین روپے ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسکیم میں 37 ای وی اسٹاپس، الیکٹرک وہیکل چارجرز 300 کلوواٹ کا سولر پاور سسٹم اور 16 رکشہ اسٹینڈز شامل ہیں۔ نظرثانی شدہ پی سی ون محکمہ پی اینڈ ڈی کو بھیجا جاچکا ہے اور منصوبے کی منظوری کے لیے اسے پی ڈی ڈبلیو پی کے آئندہ اجلاس میں پیش کیا جانا ہے۔ محکمہ پی اینڈ ڈی کے چیف آف سیکشن نے عدالت کو بتایا کہ محکمہ ٹرانسپورٹ کی تجویز پر بعض مشاہدات سامنے آئے تھے اور ان کے جواب کے لیے محکمہ ٹرانسپورٹ کو خط ارسال کیا گیا ہے۔ اس پر سیکرٹری ٹرانسپورٹ نے یقین دہانی کرائی کہ تمام مشاہدات کا جواب ترجیحی بنیادوں پر دیا جائے گا۔ عدالت نے اے سی ایس ڈویلپمنٹ، محکمہ پی اینڈ ڈی کو ہدایت کی کہ محکمہ ٹرانسپورٹ سے جواب موصول ہوتے ہی منصوبے کو آئندہ پی ڈی ڈبلیو پی اجلاس میں پیش کیا جائے اور آئندہ سماعت تک پیش رفت رپورٹ عدالت میں جمع کرائی جائے۔ خواتین وکلاء کے لیے پنک اسکوٹیز کی تقسیم کا عمل تیز کرنے کا حکم عدالت کو بتایا گیا کہ خواتین وکلاء کے لیے پنک اسکوٹیز، وکلاء کے لیے شٹل کارٹس، بسیں اور کچلاک وسریاب سے وکلاء کی آمدورفت کے لیے پنک ویز کی فراہمی پر مشتمل اسکیم پہلے ہی تیار کی جاچکی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسکیم میں 100 الیکٹرک پنک اسکوٹیز، دو الیکٹرک شٹل کارٹس، دو 9 میٹر ڈیزل بسیں، دو پنک ویز اور تین پورٹس پر مشتمل چارجنگ اسٹیشنز شامل ہیں۔ 100 الیکٹرک پنک اسکوٹیز کی خریداری پر 21.5 ملین روپے خرچ کیے جاچکے ہیں، جبکہ دو بسوں کی خریداری کے سلسلے میں متعلقہ کمپنی کو 8.50 ملین روپے ادا کیے گئے ہیں۔ تاہم، دو شٹل کارٹس، دو ڈیزل بسوں اور دو پنک ویز کی فراہمی ابھی باقی ہے۔ عدالت کو یہ بھی بتایا گیا کہ اسکیم کے مستحقین کے انتخاب کے لیے بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن سے خواتین وکلاء کی فہرست طلب کی گئی تھی اور استفادہ کنندگان کی تعداد دستیاب اسکوٹیز سے زیادہ ہونے کی صورت میں بیلٹنگ کا طریقہ کار اختیار کرنے کی تجویز دی گئی تھی۔ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر کی جانب سے عدالت کو بتایا گیا کہ ضروری کارروائی مکمل ہوچکی ہے اور بیلٹنگ کا عمل بھی مکمل کیا جاچکا ہے۔ تاہم، عوامی فنڈز کے شفاف اور مناسب استعمال کو یقینی بنانے کے لیے عدالت نے ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دینے کا حکم دیا ہے، جو مستحقین کے انتخاب اور تقسیم کے مکمل عمل کا جائزہ لے گی۔ کمیٹی کی سربراہی صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن عطاء اللہ لانگو کریں گے، جبکہ ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان یا ان کے نامزد ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کنوینر ہوں گے۔ کمیٹی میں ہائی کورٹ بار کے جنرل سیکرٹری نجم الدین آغا، سیکرٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ، درخواست گزاران انعم خیر اور شرمین رحمان، اکرم شاہ ایڈووکیٹ، شاہ رسول ایڈووکیٹ اور اے اے جی سلمیٰ عبدالفتاح شامل ہوں گے۔ عدالت نے کمیٹی کو ہدایت کی کہ وہ 12 ستمبر 2026 بروز ہفتہ صبح 11 بجے اجلاس منعقد کرے اور ترجیحاً دس دن کے اندر فیصلہ کرے۔ کمیٹی کی منظوری کے فوراً بعد پنک اسکوٹیز کی تقسیم کا عمل شروع کیا جائے گا اور اسے تین کام کے دنوں میں مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ لوکل بس اسٹینڈ کے لیے زمین کا معاملہ عدالت نے ڈبل روڈ فلائی اوور کے نیچے واقع سابق آکٹرائی گودام کی زمین، جسے لوکل بس اسٹینڈ کے لیے مختص کیا گیا ہے، کے معاملے پر بھی سخت ہدایات جاری کیں۔ عدالت کو بتایا گیا کہ منصوبے کی تخمینہ لاگت 441.650 ملین روپے تھی اور اسے پی ڈی ڈبلیو پی نے 16 جون 2025 کو ہونے والے اجلاس میں پیش کیا تھا۔ بعد ازاں کابینہ نے 19 جنوری 2026 کے اجلاس میں منصوبے کو پی ایس ڈی پی 27-2026 میں شامل کرنے کی منظوری دی، تاہم موجودہ پی ایس ڈی پی میں اس کی مناسب عکاسی نہ ہونے کے باعث منصوبے میں تاخیر ہوئی۔ عدالت نے قرار دیا کہ چونکہ محکمہ ٹرانسپورٹ کو زمین کا قبضہ دیا جاچکا ہے، اس لیے اب زمین کی مکمل حفاظت اور استعمال کو یقینی بنایا جائے۔ عدالت نے سیکرٹری ٹرانسپورٹ کو ہدایت کی کہ زمین کا مکمل فزیکل قبضہ یقینی بنایا جائے، جبکہ ڈی جی کیوڈی اے محکمہ ٹرانسپورٹ کو ہر ممکن تعاون فراہم کریں۔ محکمہ ٹرانسپورٹ زمین کی حفاظت کے لیے چوکیدار تعینات کرے اور ضرورت پڑنے پر باؤنڈری وال بھی تعمیر کرے تاکہ کسی نجی شخص کو زمین پر غیر قانونی طور پر داخل ہونے سے روکا جاسکے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کو نظرثانی شدہ پی ایس ڈی پی 27-2026 میں منصوبہ شامل کرنے کے لیے محکمہ پی اینڈ ڈی کو جامع یاد دہانی ارسال کرنے اور آئندہ سماعت پر پیش رفت رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایت کی گئی۔ کوئٹہ کے لیے 27 الیکٹرک فیڈر بسوں کی منظوری، فنڈز فوری جاری کرنے کا حکم کوئٹہ شہر کی خستہ حال اور غیر فٹ بسوں کے معاملے پر عدالت کو بتایا گیا کہ گرین بس سروس کے فیڈر روٹس کے لیے 27 الیکٹرک بسوں کی اسکیم پی ایس ڈی پی 27-2026 میں شامل کرنے کی منظوری دی جاچکی ہے، جس کی تخمینہ لاگت 1,492.425 ملین روپے ہے۔ عدالت کو بتایا گیا کہ گرین بسیں اس وقت مرکزی روٹس پر چل رہی ہیں جبکہ منظور شدہ 27 الیکٹرک بسیں شہر کے فیڈر روٹس پر چلائی جائیں گی، جس سے کوئٹہ کے مضافاتی اور نواحی علاقوں کے شہریوں کو بہتر سفری سہولت میسر آئے گی۔ عدالت نے محکمہ پی اینڈ ڈی کو ہدایت کی کہ منصوبے کے لیے ضروری اجازت فوری طور پر جاری کی جائے تاکہ محکمہ خزانہ مطلوبہ فنڈز جاری کرسکے اور منصوبے پر مزید تاخیر کے بغیر عملدرآمد شروع ہو۔ سریاب سے کچلاک تک پیپلز ٹرین سروس، دو پارلر کوچز جلد کوئٹہ پہنچانے کا حکم سماعت کے دوران عدالت کو بتایا گیا کہ سریاب سے کچلاک تک پیپلز ٹرین سروس کے منصوبے پر تقریباً 95 فیصد فزیکل اور 80 فیصد مالیاتی پیش رفت ہو چکی ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کے مطابق منصوبے کے تحت دو پارلر کوچز خریدی جاچکی ہیں جو کیرج فیکٹری اسلام آباد میں تیار ہیں۔ عدالت کو بتایا گیا کہ ان کوچز کو پاکستان ریلوے کے ذریعے کوئٹہ پہنچایا جانا باقی ہے۔ عدالت نے ایڈیشنل اٹارنی جنرل کو ہدایت کی کہ وہ فوری طور پر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلویز کوئٹہ ریجن اور چیف آف ٹرانسپورٹ سیکشن پاکستان ریلوے ہیڈکوارٹرز لاہور سے رابطہ کریں اور دو پارلر کوچز کی فوری فراہمی یقینی بنائیں۔ عدالت نے واضح کیا کہ اس سلسلے میں ایڈیشنل اٹارنی جنرل کا دفتر محکمہ ٹرانسپورٹ کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہے۔ کوئٹہ میں ٹریفک اور سبزی منڈی کے مسائل پر بھی رپورٹ طلب کیوڈی اے کے وکیل محمد اکرم شاہ نے عدالت کو بتایا کہ گورننگ باڈی کا اجلاس طلب کیا گیا ہے، جس میں سڑک کی تعمیر، سبزی منڈی کے پلاٹ اور اس کے اطراف میں ٹریفک کے مسائل کو منظم کرنے کے لیے محکمہ ٹرانسپورٹ کے ساتھ مشاورت کی جائے گی۔ عدالت نے اس معاملے پر آئندہ سماعت کے موقع پر جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ عدالت نے قرار دیا کہ شہریوں کو بہتر، محفوظ اور باقاعدہ سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے متعلقہ محکمے باہمی رابطے کے ساتھ عملی اقدامات یقینی بنائیں اور منظور شدہ منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے۔ عدالت نے حکم کی نقل ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان اور ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے دفاتر کے ذریعے متعلقہ حکام کو معلومات اور تعمیل کے لیے ارسال کرنے کی ہدایت بھی کی۔ عدالت نے واضح کیا کہ آئندہ کسی قسم کی عدم تعمیل کی صورت میں متعلقہ افسر کو ذاتی طور پر عدالت میں پیش ہو کر وضاحت دینا ہوگی۔

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے زمیندار ایکشن کمیٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، ظہور بلیدی

دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے تعلیم کے شعبے میں مزید سہولیات اور مواقع پیدا کرنے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے

طلبہ و طالبات کو سفری اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کوئی احسان نہیں بلکہ عوامی نمائندے کی ذمہ داری ہے

تربت / بلیدہ (خ ن) صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی کی جانب سے یونیورسٹی آف تربت میں زیرِ تعلیم بلیدہ کے طلبہ و طالبات کے لیے فراہم کردہ بس نے باقاعدہ طور پر اپنی شٹل سروس کا آغاز کر دیا ہے۔ بس روزانہ صبح و شام بلیدہ سے تربت یونیورسٹی اور واپسی کے روٹ پر (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

مرحوم خلیل الرحمن ایک منجھے ہوئے، باوقار اور تجربہ کار صحافی تھے، نسیم الرحمان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کے ریزیڈنٹ ایڈیٹر اور بلوچستان کے سینئر صحافی خلیل الرحمٰن کی وفات پر گہرے رنج و افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے کہا کہ مرحوم خلیل الرحمٰن ایک منجھے ہوئے، باوقار اور تجربہ کار صحافی تھے

نان بائیوں کے خلاف کارروائی، 11 افراد گرفتار، جیل منتقل

سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، انتظامیہ

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے سرکاری نرخ کی خلاف ورزی کرنے والے نان بائیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 11 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ بلو کی نگرانی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانے میں قید نوجوان پولیس اہلکار کی فائرنگ سے جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے میں حوالات میں قید نوجوان پر پولیس محرر کی فائرنگ گولیاں لگنے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

جیکب آباد: دودا پور فیڈر کے دو سال سے 200 دیہات کی بجلی بند

واپڈا عملے کے خلاف سیاسی، سماجی اور مذہبی تنظیموں کا احتجاجی مظاہرہ، شدید نعرے بازی

جیکب آباد (انیس جکھرانی) دودا پور فیڈر کی دو سال سے بند پڑی بجلی بحال نہ ہونے کے خلاف مختلف سیاسی، سماجی اور مذہبی تنظیموں کی کال پر فائق جہانپور میں ایک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا اور شہر میں ریلی نکالی گئی۔ مظاہرے کی قیادت میر دریا خان بروہی، سید مظہر حسین (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

ریاست کی رٹ چیلنج کرنے والے عناصر کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا، وزیراعلیٰ

عوام دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں

کوئٹہ، (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خاران اور واشک میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران 11 بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں کی (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

صحت عامہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، وریندر لعل

غیر حاضر ملازمین کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ایاز حسین جمالی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم پی اے رحمت صالح بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

بچیوں کی تعلیم معاشرے کی ترقی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے، کمشنر لسبیلہ

طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

حب، (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول حب کا دورہ کیا۔ دورے کا مقصد اسکول میں تعلیمی و انتظامی امور، تدریسی سرگرمیوں، بنیادی (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

دکی، محمد اکرم خان حریفال کا سب جیل دکی کا تفصیلی دورہ

جیل کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ اور متعلقہ حکام سے ضروری معلومات حاصل کیں

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم خان حریفال نے محکمہ داخلہ حکومتِ بلوچستان کی جانب سے جاری ہدایات کی روشنی میں (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بگٹی قبیلے کے عمائدین و نوجوان ملاقات کر رہے ہیں

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، شاہد رند

بلوچستان حکومت امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھے گا

بیرونی عناصر کی سرپرستی میں بلوچستان کا امن تباہ کرنے کی ہر کوشش کا بھرپور مقابلہ کیا جائے گا، معاونِ وزیراعلیٰ

کوئٹہ، (خ ن) معاونِ وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے خاران اور واشک میں سکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیوں کے دوران 11 بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

کچلاک میں شوہر نے چاقو اور خنجر کے وار کر کے 15 سالہ بیوی کو قتل کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) کچلاک میں شوہر نے چاقو اور خنجر کے وار کر کے 15 سالہ بیوی کو قتل کر دیا۔ ذرائع کے مطابق کچلاک میں شوہر نے مبینہ طور پر چاقو اور خنجر کے وار کر کے اپنی (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

ڈیرہ مراد جمالی میں ابڑو قبائل کے دو گروپوں میں فائرنگ سے تین افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی ابڑو قبائل کے دو گروپ میں مسلح تصادم کے نتیجے تین افراد زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی وارڈ نمبر دو میں گزشتہ شب ابڑو برادری کے دو فریقین میں تنازعے پر لڑائی جھگڑے کے دوران تین افراد زخمی ہو گئے

ڈاکٹر عبدالقادر ہارون کا رورل ہیلتھ سینٹر لہڑی کا اچانک دورہ

ضلع کے تمام مراکزِ صحت کی کارکردگی کی باقاعدہ نگرانی کا سلسلہ جاری رہے گا، ڈی ایچ او

سیوی / لہڑی (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سیوی ڈاکٹر عبدالقادر ہارون نے انچارج ڈسٹرکٹ میڈیسن اسٹور فارماسسٹ ڈاکٹر رضا شاہ کے ہمراہ رورل ہیلتھ سینٹر لہڑی کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے مرکز صحت میں ڈاکٹرز، (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

جامعہ تربت کا ڈیجیٹل انقلاب کی جانب پیشرفت

شعبہ کمپیوٹر سائنس کے بورڈ آف اسٹڈیز اجلاس میں جدید ٹیکنالوجی پر مبنی پروگرامز اور نصاب کی منظوری

تربت (این این آئی) جامعہ تربت کے شعبہ کمپیوٹر سائنس کے بورڈ آف اسٹڈیز کا پانچواں اجلاس شعبے کے سربراہ انجینئر بلال الرحمٰن کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ہائر ایجوکیشن کمیشن گائیڈ لائنز اور جامعہ تربت کے تعلیمی تقاضوں کی روشنی میں کمپیوٹر سائنس میں (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

مختلف قوموں، مذاہب، اقلیتوں سے تعلق کے باوجود ہم سب پاکستانی برابر کے شہری ہیں، گورنر بلوچستان

جسمانی معذوری انسان کی صلاحیتوں اور کامیابی کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتی

نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور انہیں قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے سنجیدہ اور مؤثر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے اس ترقی یافتہ دور میں کوئی معذور شخص بھی لاکھوں لوگوں کی خدمت کر سکتا ہے، شیخ جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی بدولت انسان جسمانی طور پر معذور ہو سکتا ہے لیکن مجبور ہرگز نہیں ہے۔ جدید ٹیکنالوجی نے ایسے بے شمار امکانات پیدا کر دیے ہیں جن کے ذریعے جسمانی معذوری رکھنے والے افراد نہ صرف (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق رکن صوبائی اسمبلی انیتا عرفان کی قیادت میں کرسچین، ہندو اور سکھ برادری سے تعلق رکھنے والے نمائندوں نے ملاقات کی اور انہیں امریکہ کے کامیاب دورے، اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک میں منعقدہ یوتھ (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

اسلام آباد: قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی، اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیرِ اہتمام منعقدہ 'پاکستان ویمن لیڈرشپ اینڈ پالیسی سمٹ 2026' کے موقع پر شرکاء میں شیلڈ تقسیم کر رہے ہیں

Time allotment and Delays
Every ticket has a fixed interval for action.
Days allowed, by priority
Critical
High
Medium
Low
The citizen can check progress any time

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، نور محمد دمڑ

صوبائی وزیر کموڈیٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی سے مختلف وفود کے لوگوں کی ملاقات

عوامی نمائندوں کے دروازے عوام کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں، لوگوں کے جائز مسائل کے حل کے لیے بھرپور کوششیں جاری رہیں گی، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) بائی وزیر کموڈیٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سے ان کے دفتر میں مختلف وفود کے لوگوں نے ملاقات کی ملاقات کے دوران مختلف وفود نے صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ کو اپنے مسائل اور مشکلات سے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر نے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

ماں کے دودھ
ماں کا دودھ

واشک، ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر اسرار احمد کبدانی شیخ زید سول ہسپتال بسیمہ میں عالمی یوم ماں کے دودھ کی اہمیت کے اور بچوں کی غذائیت سے متعلق پریس بریفنگ دے رہے ہیں

ماں کا دودھ نومولود بچے کے لیے قدرتی، محفوظ اور مکمل غذا ہے، ڈاکٹر نور اللہ

چھ ماہ کے بعد بچے کو ماں کے دودھ کے ساتھ مناسب اور متوازن اضافی غذا بھی دی جانی چاہیے

واشک (نمائندہ خصوصی) صوبائی ڈائریکٹوریٹ نیوٹریشن پروگرام واشک نے یونیسیف کے اشتراک سے ورلڈ بریسٹ فیڈنگ ویک (ماں کے دودھ کی اہمیت کے عالمی ہفتے) کے حوالے سے ماں کے دودھ کی اہمیت و افادیت کے بارے میں پریس بریفنگ کا انعقاد کیا گیا (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

ڈی ای او لہڑی کا مختلف دور دراز سرکاری پرائمری اسکولوں کا اچانک دورہ

لہڑی کے پرائمری اسکولز روز بروز بہتری کی جانب گامزن ہیں، لیاقت علی

سیوی/لہڑی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی ہدایت اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو کے احکامات پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لہڑی لیاقت علی نے تحصیل لہڑی کے مختلف دور دراز سرکاری پرائمری اسکولوں کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

بی ایچ یو چندر واقعہ ضلع کچھی میں بدامنی کی بدترین مثال ہے، میر غفار خان جتوئی

عوام کو جھوٹے دعووں اور ادھورے وعدوں سے مزید بہلایا نہیں جا سکتا

بولان (نامہ نگار) سیاسی و قبائلی شخصیت میر غفار خان جتوئی نے بی ایچ یو چندر میں مسلح ڈاکوؤں کی جانب سے مرکز میں داخل ہو کر اسٹاف سے ہاتھا پائی، موٹر سائیکل اور موبائل فونز چھیننے اور حاجی جان محمد بنگلزئی کو زخمی کرنے کے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی کو ضلعی صدر اپیکا رحمت اللہ زہری یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

گوادر، امی کلانچ میں موبائل ویٹرنری ایڈ کیمپ کا کامیاب انعقاد

گوادر (خ ن) ضلعی آفیسر محکمہ امور حیوانات گوادر ڈاکٹر صابر علی کی زیرِ نگرانی امی کلانچ میں موبائل ویٹرنری ایڈ کیمپ کا کامیاب انعقاد کیا گیا، جہاں مالداروں کو ان کی دہلیز پر جانوروں کے علاج، ویکسینیشن اور ادویات سمیت ضروری سہولیات فراہم کی گئیں۔ کیمپ کے دوران سینکڑوں جانوروں کا مفت طبی معائنہ اور علاج کیا گیا، جبکہ وبائی امراض سے بچاؤ کے لیے حفاظتی ویکسینیشن بھی کی گئی۔ مالداروں میں مفت ادویات تقسیم کرنے کے ساتھ ساتھ جانوروں کی بہتر دیکھ بھال، خوراک اور بیماریوں سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی بھی فراہم کی گئی۔

بلوچستان پولیس میں تقرر و تبادلہ، ڈی ایس پی لیگل پیرزادہ فضل اکبر سی ٹی ڈی کے حوالے

کوئٹہ (یو این اے) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق ڈی ایس پی لیگل ژوب پیرزادہ فضل اکبر کی خدمات ڈی آئی جی پولیس سی ٹی ڈی بلوچستان کوئٹہ کے حوالے کر دی گئی ہیں۔ محکمہ پولیس کی جانب سے یہ احکامات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔

تحصیلدار محمد اعظم خان کچکی کا جیوانی کی مختلف مارکیٹوں کا دورہ

جیوانی (خ ن) تحصیل انتظامیہ جیوانی کی ہدایت پر تحصیلدار محمد اعظم خان کچکی نے جیوانی کی مختلف مارکیٹوں کا دورہ کیا، جہاں اشیائے خورد و نوش کے معیار، قیمتوں، زائد المیعاد اشیاء اور سرکاری ریٹ لسٹ کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ دکانداروں کو ہدایت کی گئی کہ اشیائے ضروریہ مقررہ نرخوں کے مطابق فروخت کریں اور ریٹ لسٹ نمایاں جگہ پر آویزاں رکھیں۔ اس موقع پر شہریوں سے بھی اپیل کی گئی کہ وہ اشیائے خورد و نوش ریٹ لسٹ کے مطابق خریدیں اور اگر کوئی دکاندار گراں فروشی یا زائد المیعاد اشیاء فروخت کرتا پایا جائے تو فوری طور پر تحصیل انتظامیہ کو اطلاع دیں، جس پر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

نئی شخصیات کی شمولیت سے اتحاد مزید مضبوط، فعال اور مؤثر ہوگا، میر دینار خان ڈومکی

سبی لہڑی اتحاد کا بنیادی مقصد علاقے کے عوام کو ایک مضبوط اور مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے

سیوی (نامہ نگار) یونین کونسل مرغزانی وارڈ نمبر 5 سامیزی گاؤں کی معروف سماجی شخصیت و وائس چیئرمین صدام حسین، نجیب اللہ سمیت سامیزی گاؤں اور علاقے کی دیگر اہم شخصیات، بزرگوں نوجوانوں اور ہم خیال دوستوں نے سردار زادہ میر دینار خان ڈومکی کی سربراہی میں سبی لہڑی اتحاد میں باقاعدہ شمولیت کا (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

غیر قانونی کرش پلانٹس کے خلاف سخت اور وسیع پیمانے پر کارروائی

عدالتی احکامات اور متعلقہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے کرش پلانٹس کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (خ ن) بائی محکمہ داخلہ بلوچستان کے نوٹس اور عدالت عالیہ کے احکامات پر عملدرآمد کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر نے غیر قانونی کرش پلانٹس کے خلاف سخت اور وسیع پیمانے پر کارروائی کی۔ کارروائی (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

مشکل اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے بغیر روایتی برتنوں کے کھانا پکانے کی عملی تربیت

نوجوان نسل بالخصوص بچیوں کو ایسی عملی مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، بیگم عظمت حسن بلوچ

سیوی (نامہ نگار) پاکستان گرل گائیڈ ایسوسی ایشن بلوچستان کے زیرِ اہتمام گرل گائیڈز کو مشکل، ہنگامی اور محدود وسائل والے حالات میں خود انحصاری کے فروغ کے لیے بغیر روایتی برتنوں کے کھانا پکانے کی عملی تربیت فراہم کی گئی۔ تربیتی سرگرمی کی سربراہی پاکستان گرل گائیڈ ایسوسی (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی سے رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ میر ظفر زہری ملاقات کر رہے ہیں

گوادر، ماہی گیری کی کشتیوں کی رجسٹریشن اور لائسنس کے اجرا کا عمل تیزی سے جاری

کشتیوں کی پیمائش، ساخت، ضروری دستاویزات اور متعلقہ ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے بعد اہل کشتیوں کو رجسٹریشن نمبر الاٹ

گوادر (خ ن) ائریکٹر جنرل بلوچستان فشریز عتیق اللہ خان کی ہدایات پر صوبائی حکومت کی ماہی گیروں کی فلاح و بہبود اور ماہی گیری کے شعبے کو منظم و قانونی بنیادوں پر فروغ دینے کی پالیسی کے تحت گوادر میں ماہی گیری کی کشتیوں کی رجسٹریشن، پیمائش، انسپکشن اور (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

اسسٹنٹ کمشنر کا تحصیل رکنی میں مختلف پیٹرول پمپس کا معائنہ

پیٹرول پمپس پر نصب گیج، میٹر ریڈنگ، پیمانوں اور پیٹرول کی مقررہ مقدار کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

رکنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی نے تحصیل رکنی میں مختلف پیٹرول پمپس کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر پیٹرول پمپس پر نصب گیج، میٹر ریڈنگ، پیمانوں اور پیٹرول کی مقررہ مقدار کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے میٹر ریڈنگ اور پیمانوں کی درستگی چیک کرتے ہوئے اس امر کو یقینی بنایا (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

قلات: نیشنل ہائی وے پر ٹریفک حادثہ، ایک جاں بحق، ایک زخمی

قلات (نامہ نگار) قلات میں نیشنل ہائی وے پر آغا جان ہوٹل کے قریب ٹو ڈی کار اور ڈمپر کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ ایک شخص شدید زخمی ہو گیا پولیس کے مطابق حادثے میں یعقوب شاہ سکنہ چمن جاں بحق جبکہ جمعہ خان سکنہ چمن شدید زخمی ہوا۔ زخمی کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس نے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

کوئٹہ تھانہ منظور شہید پولیس کی بڑی کارروائی، مطلوب اشتہاری و خطرناک ملزم گرفتار

کوئٹہ (بولانی) پولیس اسٹیشن منظور شہید کوئٹہ کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں پولیس نے ایک اہم کارروائی کرتے ہوئے تھانہ شالکوٹ کے سنگین مقدمے میں مطلوب ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق، پولیس اسٹیشن منظور شہید کے ایس ایچ او /SI جہانزیب مینگل کی سربراہی میں کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران تھانہ ہذا کے مقدمہ نمبر 166/2025 جرم 394 ت پ میں گرفتار بر ریمانڈ ملزم گل حسن ولد گلستان قوم رئیسانی، ساکن کلی رئیسانی ہزار گنجی کوئٹہ سے تفتیش کی گئی۔ دورانِ تفتیش انکشاف (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

تفتان بارڈر سے غیر قانونی طور پر ایران جانے والے 100 سے زائد افراد گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے کے حکام نے بتایا ہے کہ ایک ہفتے کے دوران تفتان سے غیر قانونی طور پر ایران جانے کی کوشش کرنے والے 100 سے زائد افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ایف آئی اے کے حکام کے مطابق گرفتار افراد کا تعلق پنجاب کے مختلف علاقوں سے ہے جو غیر قانونی راستے سے یورپ جانے کی کوشش میں تھے

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-388370
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

پاکستان اہم موڑ پر کھڑا ہے، ماضی کی غلطیوں کو دہرانے کا متحمل نہیں ہو سکتا، احسن اقبال

جماعت اسلامی عوام کے اجتماعی مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کر رہی ہے

بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی، بدعنوانی اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان، ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود یہاں کے عوام امن، روزگار اور نانِ شبینہ کے محتاج ہیں۔ حکمرانوں اور متعلقہ اداروں نے عوام کو ان (بقیہ نمبر 28 صفحہ 2 پر)

محبت شاخ، عظیم الشان محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد

محفل کے اختتام پر ملک و قوم، امتِ مسلمہ اور علاقے کی سلامتی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی

جعفر آباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) محبت شاخ پل پر صدام حسین آٹا چکی کے مقام پر ایک عظیم الشان محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد کیا گیا، جس میں علماء کرام، مشائخ عظام، ثناء خوانانِ رسول ﷺ اور اہلِ علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ محفل سے خصوصی خطاب و دعا (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

لسبیلہ، مقامی آبادی کے لیے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

اٹک سیمنٹ مقامی آبادی کی فلاح و بہبود کے لیے قابلِ تحسین کردار ادا کر رہا ہے، سائرہ عطاء

لسبیلہ ڈویژن (پ ر) اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے مقامی آبادی کی فلاح و بہبود کے لیے صحت اور روزگار کے شعبوں میں مختلف اہم اقدامات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں مقامی آبادی کے لیے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جہاں بڑی تعداد میں مریضوں (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

اسسٹنٹ کمشنر کا سوئی بازار میں قائم مختلف پیٹرول پمپس کا دورہ

پیمانے درست اور برابر اور پیٹرولیم مصنوعات کی فروخت مقررہ نرخوں پر یقینی بنائی جائے، سید منصور علی

ساؤتھ ڈیرہ بگٹی / سوئی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر سوئی سید منصور علی شاہ نے سوئی بازار میں قائم مختلف پیٹرول پمپس کا دورہ کر کے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور پیمانے کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی سوئی اعظم گشکوری بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر سوئی نے مختلف پیٹرول پمپس پر پیٹرول اور ڈیزل کے پیمانے چیک کیے اور مقررہ قیمتوں کے مطابق (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بی ٹیوٹا سے تبادلہ ہونے والے مینیجنگ ڈائریکٹر حمود الرحمٰن کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

عدالتی احکامات کی پابندی لازم، رعایت کو رسمی کارروائی سمجھنا افسوسناک ہے، سپریم کورٹ

عدالتی نظام کی بنیاد یقین، نظم و ضبط اور عدالتی احکامات کی حرمت پر ہے، عدالتی احکامات کی پابندی ہر صورت لازم ہے، عدالت عظمیٰ

سپریم کورٹ کا زیتون بی بی کے حق میں 2022 کے فیصلے پر عملدرآمد کا حکم دیتے ہوئے عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ ہونے پر برہمی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ عدالتی نظام کی بنیاد یقین، نظم و ضبط اور عدالتی احکامات کی حرمت پر ہے، عدالتی احکامات کی پابندی ہر صورت لازم ہے، عدالت کی جانب سے دی جانے والی رعایت کو محض رسمی کارروائی سمجھنا افسوسناک ہے۔ جسٹس منیب اختر، جسٹس ملک شہزاد اور جسٹس صلاح الدین پنہور پر مشتمل تین رکنی بنچ نے ڈیرہ اسماعیل خان کی (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)